تہِ دل سے اظہارِ تشکّر

اُن جلیل القدر اور کریم النفس ہستیوں کا جنھوں نے بفحوائے کلامِ ربانی وَمَن يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً بیک جنبشِ لب صدہا روپیہ کی رقوم کرامت فرما کر ثوابِ عظیم کمایا۔ فجزاءھم اللّٰہ جزاءً موفورا وجعل سعیہم مشکورا۔

اسمائے گرامی اُن حضرات کے یہ ہیں

(۱) نواب سالار جنگ بہادر — حیدر آباد دکن

(۲) نواب حسام الملک خان خاناں بہادر — ؍؍

(۳) نواب شمشیر جنگ بہادر — ؍؍

(۴) نواب عنایت جنگ بہادر — ؍؍

(۵) عالیجناب خان بہادر سید سجاد حسین صاحب نائب ریزیڈنٹ گوالیار ریزیڈنسی۔

(۶) سیٹھ کریم بھائی فضل بھائی ممبر کونسل بمبئی۔

(۷) خان بہادر قاضی عزیز الدین خان صاحب دیوان بہادر ریاست دتیا (بندیلکھنڈ)

(۸) کپتان محمد یوسف خان صاحب پنشنر۔ گوالیار۔ اسٹیٹ رئیس خورجہ

المعلن

آفتاب علی خان مسرور، خازن

قرآن منزل۔ ہملٹن روڈ۔ دہلی۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی جَلَّ شَانُہٗ

وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ

قرآن پاک ہمنے آسان کر دیا ہے
بس ہر کوئی پڑھے جو، سوچے نصیحتیں لے

ہزار شکر اُس قوی و قادر کا جس کے فضل و کرم
خاص سے مسلمانوں کے قدیم اُردو ترجمے کے موافق

منظوم ترجمۂ قرآن مجید

پارۂ دوم


جسکی عربی عبارت کے تحت میں قدیم ترجمۂ نثر بھی موجود ہے

مُترجمہ

تلمیذ الرحمٰن افسر الشعراء آغا شاعر قزلباش دہلوی

مطبوعہ رزاقی مشین پریس چار مینار

گلستان ایجنسی دہلی۔ موری دروازہ سے طلب کیجیے



بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے (جو) نہایت رحم والا مہربان ہے

ہے نام سے خدا کے آغاز کا اجالا | جو مہرباں بڑا ہے بیحد جو رحم والا

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ

اب کہیں گے بے وقوف لوگ

مَا وَلَّاهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا

کاہے پر پھر گئے اپنے قبلے سے جس پر تھے

انسانوں میں سے ناداں اب جلد یہ کہیں گے | کس چیز نے ہے پھیرا قبلے سے انکو ان کے

جس پر کہ تھے یہ پہلے جس قبلے کے تھے پیرو | پڑھتے تھے یہ نمازیں منہ کرکے جس طرف کو

قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ

تو کہہ اللہ کی ہے مشرق اور مغرب

کہہ دو خدا کے ہیں سب مشرق بھی اور مغرب | سمتیں اسی کی ہیں سب، محکوم چار جانب

يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

چلا دے جس کو چاہے سیدھی راہ

چاہے جسے وہ مالک لیجائے سیدھے رستے | جس کو کرے ہدایت فضل و کرم ہیں اسکے

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا

اسی طرح کیا ہے ہم نے تمکو امت معتدل

اور بس اسی طرح سے ہم نے تمہیں بنایا | اک بین بین امت اک بیچ کا سا فرقا

لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا

کہ تم ہو بتانے والے لوگوں پر اور رسول ہو تم پر بتانے والا

اس واسطے کہ تم تو لوگوں پہ دو گواہی | اور ہوں تمہارے شاہد نبیہ الٰہی

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا

اور وہ قبلہ جو ہم نے ٹھہرایا جس پر تو تھا

اور ہم نے کب کیا تھا قبلہ جدھر تھے پہلے | لیکن یہ جاننا تھا، تھے امتحان اسکے

إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَى عَقِبَيْهِ

نہیں مگر اس واسطے کہ معلوم کریں کون تابع رہیگا رسول کا اور کون پھر جاویگا الٹے پاؤں

حکم رسول پاکر کون اس کو مانتا ہے؟ | کس نے ہی پیروی کی کون الٹا پھر گیا ہے؟

وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ

اور یہ بات بھاری ان پر جن کو راہ دی اللہ نے

(قبلے کا یہ بدلنا) سب پر ہی شاق گذرا | لیکن سوائے ان کے ہادی تھا جن کا مولا

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ

اور ایسا نہیں کہ ضائع کرے تمہارا یقین لانا

(وہ رب نہیں ہے ایسا اوہام ہیں یہ سارے | وہ، اور ضائع کردے ایمان کو تمہارے؟

إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ

البتہ اللہ لوگوں پر شفقت رکھتا ہے مہربان

بیشک بڑی محبت کرتا ہے حق تعالےٰ | بندوں پہ مہرباں ہی بیحد ہی رحم والا

قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ

ہم دیکھتے ہیں پھر پھر جانا تیرا منہ آسمان میں

ہم دیکھتے ہیں بیشک، نظروں میں ہے نظارا | یہ آسماں کی جانب منہ پھیرنا تمہارا

فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا

سو البتہ پھیریں گے تجھکو جس قبلہ کی طرف تو راضی ہے

بس پھیر دینگے ہم خود اس سمت رخ تمہارا | جو دل پسند قبلہ، ہو دل سے تمکو پیارا

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

اب پھیر منہ اپنا طرف مسجد حرام کے

پھر۔ اور چاہیئے کیا؟ تو اپنا مُدعا لو | مسجد جو محترم ہے رُخ اس طرف پھرالو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ؕ

اور جس جگہ تم ہو اکرو پھیرو منہ اپنے اسی کی طرف

اور اب جہاں کہیں بھی جس جا ہو اکرو تم | اس کی ہی سمت اپنا رُخ کرلیا کرو تم

وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ؕ

اور جن کو ملی ہے کتاب البتہ جانتے ہیں کہ یہی ٹھیک ہے ان کی طرف سے

جن کو کتاب دی ہے اُن پر ہے خوب روشن | (تحویل قبلہ) حق ہے از رب ذ و شست (امین)

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ۝

اور اللہ بے خبر نہیں اُن کاموں سے جو کرتے ہیں

جو کچھ وہ کر رہے ہیں سب آئینہ ہے اُسپے | غافل نہیں خدا ہے اُنکے کیے دھرے سے

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ

اور اگر لا وے کتاب والوں کے پاس ساری نشانیاں

جنکو کتاب دی ہے اس قسم کے ہیں وہ تو | ساری نشانیاں بھی تم اُنکے آگے دھردو

مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ

نہ چلیں گے تیرے قبلے پر

تو بھی۔ تمہارے قبلے کی پیروی نہ ہوگی | پھر بھی نہیں کرینگے وہ پیروی تمہاری

وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ

اور نہ تو مانے ان کا قبلہ

اور تم نہیں یہ شایاں جو متبع ہو تم | (یعنی کہ) اُنکے قبلے کی پیروی کرو تم

وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ

اور نہ اُن میں ایک مانتا ہے دوسرے کا قبلہ

اور اُنمیں کا بھی کوئی ہرگز نہیں ہے ایسا | جو دوسرے کے قبلے کی پیروی کریگا

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ

اور کبھی تو چلا ان کی پسند پر بعد اس علم کے جو تجھکو پہنچا

اور ہاں جو تم نے صنوبلی کچھ انکی خوشنودی | بعد اسکے جبکہ تم کو علم ہو چکا ہے کافی

اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۘ

تو بیشک تو بھی ہے بے انصافوں میں

(یہ شکل ہے تو تم بھی خطرے میں ہو یقینی) | پھر تو تمہاری گنتی بھی ظالموں میں ہوگی

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ

جن کو ہم نے دی ہے کتاب پہچانتے ہیں یہ بات جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو

جن کو کتاب دی ہے واقف ہیں اس کے ایسے (یعنی رسولؐ) | بیٹوں کو اپنے پہچانتے ہیں جیسے

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۘ

اور ایک فرقہ ان میں چھپاتے ہیں حق جان کر

ہیں ان میں ہی سے بیشک کچھ لوگ اس طرح کے | جو جان بوجھکر بھی حق بات ہیں چھپاتے

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ

حق وہی ہے جو تیرا رب کہے پھر تو نہ ہو شک لانیوالا

حق تو تمہارے رب کی جانب ہے یاد رکھئے | تم تو نہ ہونا ہرگز شک لانے والوں میں سے

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا

اور ہر کسی کو ایک طرف ہے کہ منہ کرتا ہے اس طرف

اور ہر جتھے کی خاطر اک سمت ہے مقرر | جسکی طرف وہ اپنا منہ کرتا ہی (برابر)

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ

سو تم سبقت چاہو نیکیوں میں

پس دوڑو۔ نیکیوں کو سبقت کر و یقینی | (اوروں سے تاکہ اپنا بڑھ جائے کار دینی)

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا

جس جگہ تم ہوگے کر لاوے گا اللہ اکٹھا

پھر تم جہاں کہیں بھی ہوگے وہ رب اعلیٰ | تم سب کو جمع کرکے لے آئیگا اکٹھا

إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے

طاقت بڑی ہے اسکی قوت سے ہے وہ ظاہر | بیشک - خدا خدا ہی ہر چیز پر ہی قادر

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور جس جگہ تو نکلے منہ کر طرف مسجد الحرام کے

اور تم جدھر سے نکلو اب تم جہاں کہیں ہو | مسجد جو محترم ہی منہ اس طرف پھرالو

وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

اور یہی تحقیق ہے تیرے رب کی طرف سے اور اللہ بیخبر نہیں تمہارے کام سے

بیشک تمہارے رب کا برحق ہی حکم یہ تو | غافل نہیں ہی مالک جو کچھ کہ کر رہے ہو

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

اور جہاں سے تو نکلے منہ کر طرف مسجد حرام کے

اب تم جدھر سے نکلو منہ اس طرف پھرالو | دیکھے کو یاد رکھو کعبے کو قبلہ جانو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهُ

اور جس جگہ تم ہوا کرو منہ کرو اسی کی طرف

اب تم جہاں کہیں ہو منہ اس طرف پھرالو | دیکھے کو یاد رکھو کعبے کو قبلہ جانو

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ

کہ نہ رہے تم سے لوگوں کو جھگڑنے کی جگہ

الزام تاکہ تم پر ت تم نہ ہو سکیگا | لوگوں کو مطلقاً بھی کچھ مل سکے نہ حیلہ

إِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

مگر جو ان میں بے انصاف ہیں

لیکن سوائے اُن کے ظالم ہیں جو بیجا | دھٹ دھرم ہیں جو بالکل جنکا ہی کام جھگڑا

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ

سو اُن سے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو اس واسطے کہ تم پر پورا کروں فضل اپنا

بس تم ڈرو نہ اُنسے ڈرنے کی ذات میری ہا | تاکہ میں اپنی نعمت تم پر تمام کردوں

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝

اور شاید تم راہ پاؤ

شاید کہ اس طرح سے پا جاؤ تم ہدایت | (تحویل قبلہ جیسی پہچان جاؤ نعمت)

كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِنْكُمْ يَتْلُوا عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا

جیسا بھیجا ہم نے تم میں رسول تمہیں میں کا پڑھتا تمہارے پاس آیتیں ہماری

جیسے کہ تم ہی میں سے ہم نے رسول بھیجا | آیات جو ہماری پڑھ پڑھ کے ہے سناتا

وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

اور تم کو سنوارتا اور سکھاتا کتاب تحقیق بات

پاکیزگی کے جو ہر تم میں جو بھر رہا ہے | اور جو کتاب و حکمت تعلیم کر رہا ہے

وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝

اور تمکو سکھایا جو تم نہ جانتے تھے

اور وہ سکھاتا ہے وہ جو جانتے نہیں تھے | (اخلاق کیا ہے تم تو پہچانتے نہیں تھے)

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ

تو تم یاد رکھو مجھکو میں یاد رکھوں تم کو

پس تم مجھے پکارو میں تمکو یاد رکھوں | (تم محو بندگی ہو۔ میں رزق تمکو بخشوں)

وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

اور احسان مانو میرا اور ناشکری مت کرو

احسان مانو میرا نا شکر مت ہو تم | (کیا کیا ہے تم کو بخشا کچھ غور تو کرو تم)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ


اے مسلمانو قوت پکڑو ثابت رہنے سے اور نماز سے

اے دیندار بندو ایمان لانے والو! | صبر و صلواۃ سے تم اپنی مدد کو چاہو

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝

بیشک اللہ ساتھ ہے ثابت رہنے والوں کے

بیشک خدا تعالے ہے ساتھ صابروں کے | (مرنے کے بعد بھی تو بخشے ہیں اُن کے دکھڑے)



وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ

اور نہ کہو جو کوئی مارا جائے اللہ کی راہ میں کہ مردے ہیں

اور یہ کبھی نہ کہنا۔ مقتول راہ حق کے | مردہ ہیں۔ مر گئے ہیں۔ جیسے ہیں لوگ اور

بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ

بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم کو خبر نہیں

بلکہ وہ سب ہیں زندہ پر تم نہیں سمجھتے | (اسرار کبریا کے کیا جانو تم کرشمے)

وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ

اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو کچھ ایک ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان سے مالوں کے اور جانوں کے اور میووں کے

البتہ ہم دیں گے کچھ بھوک اور ڈر سے | نقصان مال و جان کے پھل پھول کے ضرر سے

وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ

اور خوشی سنا ثابت رہنے والوں کو

اور ان کو دو بشارت جو صبر کے ہیں بندے | (ہاں اے رسول اکرم ان کے بڑے ہیں درجے)

الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

کہ جب ان کو پہنچے کوئی مصیبت کہیں ہم اللہ کا مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھر جانا ہے

جب پڑتی ہے مصیبت وہ کہتے ہیں کہ بیشک | اللہ کے ہیں ہم تو پھر جانا ہے اسی تک

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ

ایسے لوگ انہیں پر شاباشیں ہیں اپنے رب کی

یہ ہی وہ ہیں کہ جن پر صلوات ہے برابر | ان کے خدا کی جانب سے رحمتیں ہیں ان پر

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ

اور وہی ہیں راہ پر

اور یہ ہی ہیں وہ بیشک پائے ہوئے ہدایت | (جن پر خدا تعالیٰ کی خاص ہو عنایت)

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ

صفا اور مروہ جو ہیں نشان اللہ کے پھر کوئی حج کرے اس گھر کا یا زیارت

حق کی نشانیاں ہیں بیشک صفا و مروہ | پھر جو کہ حج بجائے کعبے کا [illegible] ؟

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا

تو گناہ نہیں اُس کو کہ طواف کرے اُن دونوں میں

دونو کے گرد پھر لے تو کچھ نہیں برائی | دیہ بھی ہو ایک نیکی وہ بھی ہے ایک بھلائی

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ

اور جو کوئی شوق سے کرے کچھ نیکی تو اللہ قدردان ہے سب جانتا ہے

اور جو کوئی خوشی سے نیکی کرے تو اُسکا | اللہ قدرداں ہے نیت کا ہے شناسا

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى

جو لوگ کہ چھپاتے ہیں جو کچھ ہم نے اتارے صاف حکم اور راہ کے نشان

وہ جو کہ ہیں چھپاتے احکام اور ہدایت | ہمنے کئے جو نازل پہلے سے بالبداہت

مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ

بعد اسکے کہ انکو ہم کھول چکے لوگوں کے واسطے کتاب میں

بعد اسکے جبکہ ہم نے انسانوں کی ہی خاطر | انکو کتاب محکم میں کردیا ہے ظاہر

اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ

اُن کو لعنت دیتا ہے اللہ اور لعنت دیتے ہیں سب لعنت دینے والے

یہی وہ ہیں کہ جن پر اللہ کی ہو لعنت | اور لعن کرنے والے لعنت کناں ہیں (اتاکت)

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ

مگر جنھوں نے توبہ کی اور سنوارا اور بیان کردیا تو اُن کو معاف کرتا ہوں

لیکن ہوئے جو تائب بگڑے کو بھی سنوارا | پھر صاف صاف کھولا ۔ انکی قبول توبا

وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

اور میں ہوں معاف کرنے والا مہربان

تواب ہیں بڑے ہم بخشش ہی اپنا شیوہ | توبہ قبول کرنا یہ کام ہے ہمارا

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ

جو لوگ منکر ہوئے اور مرگئے منکر ہی

منکر جو ہو گئے ہیں اور کفر پر مرے ہیں | (یعنی کہ تھے وہ کافر دنیا سے جب گئے ہیں)

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

انہیں پر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی

یہی وہ ہیں کہ جن پر لعنت ہے الٰہی کی | انسان اور ملائک سب خلق کبریا کی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ

رہ پڑے اس میں نہ ہلکا ہوگا ان پر عذاب اور نہ ان کو فرصت ملیگی

(دائم ہے اپنے لعنت - پھٹکار یہی ہوگی | الم ہو گا دکھ نہ ان کا مہلت نہ مل سکیگی

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ

اور تمہارا رب اکیلا رب ہے کسی کو پوجنا نہیں

اللہ ہے تمہارا بس ایک ہی اکیلا | اسکے سوا نہیں ہے معبود کوئی حاشا

اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

اس کے سوائے بڑا مہربان ہے رحم والا

لیکن وہی رحیم ور احم خدا تعالے | جو مہرباں بڑا ہی بیحد جو رحم والا

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ

آسمان اور زمین کا بنانا اور رات دن کا بدلتے آنا

بیشک بنائے گردوں خلقت زمین کی یا | نیرنگی شب و روز اور انکی تازگی میں

وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ

اور کشتی جو لیکر چلتی ہے دریا میں جو چیزیں کام آدیں لوگونکو

چلنے میں کشتیوں کے دریا ہو یا سمندر | لوگوں کے فائدہ کی چیزیں لئے (برابر

وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

اور وہ جو اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پھر جلایا اس سے زمین کو مرگئے پیچھے

اور پانی جو خدا نے گردوں سے ہے اتارا | جس سے زمین مرکر جیتی ہے پھر دوبارا

وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ

اور بکھیرے اس میں سب قسم کے جانور

اور چلنے والے اسپر پھیلائے ہیں ہر اک جا | انسان جانور سب - دو پایا یا چار پایا

وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

اور پھیرنا ہواؤں کا اور ابر جو حکم کا تابع ہے درمیان آسمان و زمین کے

اور ان ہواؤں میں جو بادل لئے ہیں سر پر | جو آسمان زمین کے مابین ہیں مسخر

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝

ان میں نمونے ہیں عقلمند لوگوں کے

ان سب میں اسی خدا کی ظاہر نشانیاں ہیں | جو ہیں سمجھنے والے ان پر یہ سب عیاں ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا

اور بعض لوگ ہیں جو پکڑتے ہیں اللہ کے سوائے اوروں کو دوست

لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو چھوڑ کر خدا کو | ہمسر بنائے بیٹھے ہیں اسکے ماسوا کو

يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ

محبت رکھتے ہیں جیسے محبت اللہ کی

اوروں سے ایسی الفت رکھتے ہیں وہ ذرّے | جیسے خدا سے الفت کرتے ہیں اللہ والے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

اور ایمان والوں کو اس سے زیادہ ہے محبت اللہ کی

ایمان دار جو ہیں (انکی تو ہے یہ حالت) | انکو خدا ہی سے ہے سب سے زیادہ الفت

وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ

اور کبھی دیکھیں بے انصاف اس وقت کہ جب دیکھیں گے عذاب

اے کاش ظالموں کو اب وہ دکھائی دیتا | انکو عذاب دیکھے پر جو دکھائی دے گا

اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝

اور زور سارا اللہ کو ہے اور اللہ کی مار سخت ہے

اور یہ کہ ہر طرح کی قوت خدا ہی کو ہے | اور یہ کہ سخت تر ہے اسکا عذاب (ہے ہے!)

اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا

جب الگ ہو جائیں جن کے ساتھ ہوئے تھے اپنے ساتھ والوں سے

(وہ ایسا وقت ہوگا جب پیر سب کھینچیں گے | اپنے مریدوں سے وہ بیزاریاں کرینگے

وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ

اور دیکھیں عذاب اور ٹوٹ جاویں ان کے سب طرف کے علاقے

ظاہر عذاب بھی وہ انکو دیکھ لینگے | اسباب اور وسیلے سب انکو کٹ چکیں گے

وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً

اور کہیں گے ساتھ پکڑنے والے کاش کہ ہمکو دوسری بار زندگی ہو

اور پیلے جانے والے انکے (دل بھنگے) یہ کہینگے | اے کاش لوٹ جائیں دنیا میں ہم جو پھر کے

فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا

ہم الگ ہو جاویں ان سے جیسے بیزاری کی انھوں نے ہم سے

تو ہم بھی اُن سے یوں ہی بیزاریاں کمائیں | جیسے کہ ہم سے کی ہیں نفرت بھری ادائیں

كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ

اس طرح دکھاتا ہے اللہ ان کو کام ان کے افسوس جلانے کو

یوں ہی خدا تعالےٰ اعمال انکے (انپر) | دکھلائے گا انہیں سب حسرتیں بنا کر

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ

اور اُن کو نکلنا نہیں آگ سے

اسپر بھی دُانکو جلنا ہے آگ میں بدا جو | دوزخ سے پھر نکلنا ممکن نہ ہوگا اُن کو

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا

لوگو کھاؤ زمین کی چیزوں میں سے جو حلال ہیں تم پر

اے لوگو شوق سے تم وہ نوش جاں کرو (سب) | داگتی ہیں جو زمیں سے چیزیں حلال وطیب

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

اور نہ چلو قدموں پر شیطان کے

شیطان کے قدم پر ہرگز قدم نہ رکھنا | داسکی روش بری ہے تم پیروی نہ کرنا

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ

وہ تمہارا دشمن ہے صریح

دشمن ہے وہ تمہارا بیشک کھلا کھلایا | داس سے بچاؤ خود کو ورنہ ہی پھر صفایا

اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ

وہ تو یہی حکم کرے گا تمکو بُرے کام اور بےحیائی کا

بدیاں سکھائے گا وہ اور بےحیائی تمکو (یہی ناک میں تمہاری بس گھات میں ہی سمجھو)

وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

اور یہ کہ جھوٹ بولو اللہ پر جو تمکو معلوم نہیں

اور یہی چاہے گا تم (بہتان کوئی باندھو) اللہ کے مخالف بے سمجھے بوجھے بک دو

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

اور جو ان کو کہتے چلو اسپر جو نازل کیا اللہ نے

اور جب کہا ہے اُن سے پیرو بنو تم اسکے جو تمپہ پیروی کو نازل کیا خدا نے

قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ

کہیں نہیں چلیں گے ہم اس پر جس پر دیکھا اپنے باپ دادوں کو

تو کہتے ہیں (نہیں جی) ہم تو ہیں اُس کے چاکر پایا ہے باپ دادا کو ہم نے جس چلن پر

اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝

بھلا اگرچہ اُن کے باپ دادے نہ عقل رکھتے ہوں کچھ نہ راہ کی خبر

(کیوں جی) جو باپ دادا ہوں اُنکے کوڑمغز بے عقل و بے ہدایت (جب بھی یہی کریں گے)

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ

اور مثال ان منکروں کی جیسے مثال ایک شخص کی

کافر جو ہو گئے ہیں جو کفر میں اڑ رہے ہیں اُن کی مثال بالکل اُس شخص کی ہی جیسے

يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ

کہ چلاتا ہے ایک چیز کو جو سنتے نہیں مگر پکارنا اور چلانا

جو بیقرار ہو کر اُس چیز کو پکارے جو چیخ کو کسی کی بالکل سنے نہ سمجھے

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

بہرے - گونگے - اندھے ہیں سو اُن کو عقل نہیں

(اصنام جس قدر ہیں) ہیں بہرے گونگے اندھے وہ کچھ نہیں سمجھتے مٹی کے ڈھیر جیسے -

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ

اے ایمان والو کھاؤ ستھری چیزیں جو تمکو روزی دی ہم نے

ایمان لانے والو ! اے دین دار بندو ! | جو پاک رزق ہم نے بخشا اُن سے کھاو

وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

اور شکر کرو اللہ کا اگر تم اُسی کے بندے ہو

اور شکریہ کرو تم مالک کا جان و دل سے | خالص اگر اسی کے ہو تابعدار بندے

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ

یہی حرام کیا ہے تم پر مردہ اور لہو اور گوشت سور کا

اُسنے حرام مطلق تم پر کیا ہے (بیجا) | سور کا گوشت مردہ اور خون ہر طرح کا

وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ

اور جس پر نام پکارا اللہ کے سوا کا

وہ بھی حرام مطلق جو ذبح کیا ہو | جس پر خدا کے بدلے نام اور کا لیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ

پھر جو کوئی پھنسا ہو نہ بے حکمی کرتا ہو نہ زیادتی اسپر گناہ نہیں

ہاں جو کوئی ہو مضطر، مجبور، بے بغاوت | حد سے نہ وہ بڑھا ہو کھالے تو ہی رعایت

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

اللہ تعالےٰ بخشنے والا ہے مہربان

(اسپر گنہ نہیں کچھ) بخشے گا حق تعالیٰ | بخشش کا وہ وصفی ہی بیحد ہی رحم والا

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ

جو لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ نازل کی اللہ نے کتاب

جو لوگ ہیں چھپاتے اس شے کو (بدقوارہ | اپنی کتاب میں جو اللہ نے اُتارا

وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا

اور لیتے ہیں اسپر مول تھوڑا

اور اُسکو بیچتے ہیں تھوڑے سے دام لیکر | (توہین ہے کلام خالق کی یہ سراسر)

اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ

وہ نہیں کھاتے اپنے پیٹ میں مگر انگارے

یہی وہ ہیں (جو خود پر خود ظلم کر رہے ہیں) | پیٹوں میں اپنی اپنی انگارے بھر رہے ہیں

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ

اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ قیامت کے دن اور نہ سنوارے گا انکو

حشر کے دن نہ اُن سے رب ہمکلام ہوگا | پاکیزہ - پاک بھی وہ انکو نہیں کرے گا

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

اور ان کو دکھ کی مار ہے

اُن کے لئے یقیناً دکھ درد کی سزا ہی | ایسا عذاب ہوگا جو درد سے بھرا ہے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى

وہی ہیں جنہوں نے خرید کی گمراہی بدلے راہ کے

یہ ہی وہ ہیں جنہوں نے کیا خوب کی تجارت | بدلے ہدایتوں کے بے مول لی ضلالت

وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ۝

اور مار بدلے مہر کے سو کہاں سہارا ہے انکو آگ کی

اور ہی عذاب اُلٹا، بخشش کے بدلے پایا | کیونکر وہ سہ سکیں گے دوزخ کی آنچ (لو یا)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ

یہ اس واسطے کہ اللہ نے کتاب اتاری سچی

یہ اس لئے کہ اُسنے نازل کیا خدا نے | اپنی کتاب محکم کو ساتھ حق کے (یعنی توریت)

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝

اور جنہوں نے کئی راہیں نکالیں کتاب میں وہ ضد میں رہیں دور پڑے ہیں

اور پھر جنہوں نے اسمیں بھی خلاف کیا | وہ دور جا پڑے ہیں سرکش ہیں وہ زیادہ

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

نیکی یہی نہیں کہ منہ کرو اپنے مشرق کی طرف یا مغرب

نیکی نہیں یہ کوئی (مسلم نماز والو) | مشرق ہو یا کہ مغرب تم اپنا منہ پھرالو

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

لیکن نیکی وہ ہے کہ جو کوئی ایمان لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر

بلکہ حقیقی نیکی اُن کی ہے (وہ ہیں بندے) | اللہ و آخرت پر ایمان جو ہیں لائے

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ

اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور نبیوں پر

اسکے فرشتوں پر بھی اُس کے ملائکہ پر | اُس کی کتاب پر بھی اور اسکے انبیاء پر

وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ

اور دیوے مال اسکی محبت پر ناتے والوں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافر کو

اس کی محبتوں میں دیں مال اقربا کو | بیکس یتیموں کو بھی رہ گیر و بے نوا کو

وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ

اور مانگنے والوں کو اور گردنیں چھڑانے میں اور کھڑی رکھے نماز اور ادا کرے زکوٰۃ

بخشے جو سائلوں کو اور گردنیں چھڑائے | قائم کرے نمازیں پوری زکوٰۃ بھی دے

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا

اور پورا کرنے والے اپنے اقرار کو

اقرار جب وہ کرلیں پورا ہوں کرنے والے | وعدے کے اپنے پورے اور بات کے ہوں سچے

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ

اور صبر کرنے والے سختی میں اور تکلیف میں اور وقت لڑائی کے

اور صبر کرنے والے تنگی میں مفلسی میں | گو وہ دچار بھی ہوں سختی لڑائی کی میں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ

وہی لوگ ہیں جو سچے ہوئے اور وہی بچاؤ میں آئے

یہ ہی ہیں لوگ سچے اور یہی متقی ہیں | یہ ہی ہیں خاص بندے اللہ کے ولی ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى

اے ایمان والو حکم ہوا تم پر بدلا برابر مارے

اے دیندار بندو (مارے گئے جو مضطر) | واجب کیا گیا ہے اُن کا قصاص تم پر

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ

صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام

آزاد کے عوض میں آزاد ہوگا فدیہ | بدلے غلام کے ہی قتل غلام زیبا

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ

اور عورت کے بدلے عورت

عورت کے بدلے عورت (یہ ہی معاوضہ ہے) | رجو جان لے کسی کی اسکی یہی سزا ہے

فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ

پھر جس کو معاف ہوا اس کے بھائی کی طرف سے کچھ ایک

پھر جو معاف کردے جزوِ قصاص کوئی | گھٹ سکتی ہے وہ دیت مومن ہیں بھائی بھائی

فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ

تو چاہیے مرضی پر چلنا موافق دستور کے اور پہنچانا اسکو نیکی سے

قاتل ادا ئے احسان کے سے لئے ہو تیور | مقتول کی طرف سے نیکی کا پہلو مضمر

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

یہ آسانی ہوئی تمہارے رب کی طرف سے اور مہربانی

یہ ہی تمہارے رب کی جانب سے خاص رحمت | (ظاہر ہے صاف اس سے آسانی اور سہولت)

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

پھر جو کوئی زیادتی کرے بعد اسکے

پھر اس کے بعد بھی کچھ جو زیادتی کریگا | کوئی چھیڑ چھاڑ ہو یا حد سے بڑھ چلے گا؟

فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

تو اس کو دکھ کی مار ہے

اس کے لئے یقیناً دکھ درد کی سزا ہے | ایسا عذاب ہوگا جو درد سے بھرا ہے

وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ

اور تم کو قصاص میں زندگی ہے اے عقلمندو

حکم قصاص ہی میں ہے زندگی تمہاری | (خونریزی سے بچوگے) اے عقل کے پجاری!

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

شائد تم بچتے رہو

شاید کہ خوف کھاؤ وطاعت گذار بنکر | بن جاؤ متقی تم پرہیزگار بنکر

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

حکم ہوا تم پر جب حاضر ہو کسی کو تم میں سے موت

یہ بھی ہے تمپہ واجب خوب اس کو یاد رکھو | تم میں سے جس کسی کی جب موت آکھڑی ہو

اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ

اگر کچھ مال چھوڑے

ترکے میں مرنیوالا کچھ مال بھی جو چھوڑے | (اس طرح سے ہو اسکی تقسیم کے طریقے)

نِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

دلوادے ماں باپ کو اور ناتے والوں کو دستور سے

ماں، باپ اور رشتے، کنبے کے ہم قرابت | درجہ بدرجہ سبکو دینے کی ہو وصیت

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝

ضرور ہے پرہیزگاروں کو

(تعمیل اسکی کرنی) حق متقین کا ہے | ڈرتے ہیں جو خدا سے فرض انپہ کردیا ہے

فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ

پھر جو کوئی اسکو بدلے بعد اسکے کہ سن چکا

پھر جو کوئی وصیت سننے کے بعد بدلے | (اسکو کسی سبب سے) وہ کچھ کا کچھ بنادے

فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ

تو اس کا گناہ انہیں پر جنہوں نے بدلا اسکو

اسکا گناہ بیشک ان کے ہی ذمہ ہوگا | جن لوگوں نے وصیت کو سن سنا کے بدلا

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

بیشک اللہ ہے سنتا جانتا

بیشک خدائے برتر سنتا ہے جانتا ہے | (سب اسکی ہے نظر میں کل اسپہ آئینہ ہے)

فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

پھر جو کوئی ڈر اڈر لوانے والے کی طرف داری سے یا گناہ سے

تال صاحب وصیت سے جو کمشک کیا ہو؟ | حق تلفی بجنبہ فارکی کا لحاظ کر کے ہوا ہو؟

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ

پھر ان میں صلح کرادے تو اسپر گناہ نہیں

اور وہ صلح کرادے آپسیں مل ملاکر | (تبدیلی وصیت) کا جرم کیا ہے اس پر؟

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

البتہ اللہ بخشنے والا ہے مہربان

بیشک خدا تعالے بخشش میں بڑا | جو مہربان بڑا ہے بیحد ہے رحم والا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ

اے ایمان والو حکم ہوا تم پر روزے کا

اے دیندار بندو ایمان لانے والو | واجب کیا گیا ہے روزے کا رکھنا تمکو

كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

جیسے حکم ہوا تھا تم سے اگلوں پر شاید تم پرہیزگار ہو جاؤ

جس طرح تم سے پہلے والوں پر کیا گیا تھا | شاید کہ متقی ہو کچھ خوف ہو خدا کا

اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ

گنتی کے دن ہیں گنتی کے

(بالکل گنے چنے (دن) گنتی کے ہیں یہ روزے | (روزوں کا یہ مہینہ سب جانتے ہیں بندے

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

پھر جو کوئی تم میں بیمار ہو یا سفر میں

پھر تم میں سے جو کوئی بیمار ہو کہ ماندا؟ | یا ہو کوئی سفر میں جب آئے یہ مہینا

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ

تو گنتی چاہیے اور دنوں سے

تو اور دن ملا کر گنتی کو پورا کر دے | سا کے دنوں میں کہ بے ناغہ ہوں جتنے روزے

وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ

اور جن کو طاقت ہے تو بدلا چاہیئے ایک فقیر کا کھانا

جن میں نہ ہوئے طاقت (فدیہ وہ لوگ دیں) | ہر روزے کی عوض میں مسکین ایک کھلاویں

فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ

پھر جو کوئی شوق سے کرے نیکی تو اسکو بہتر ہے

پھر جو کوئی خوشی سے نیکی کو زیادہ کردے | اسکے لئے ہی بہتر (نیکی کے نیک درجے)

وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ

اور روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو

ہر اعتبار سے ہے روزہ کا رکھنا بہتر | ارے کاش جانتے تم جو علم ہے اسمیں مضمر

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ

مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن

رمضان کا مہینہ (وہ برکتوں بھرا ہے) | قرآن پاک جس میں نازل کیا گیا ہے

هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ

ہدایت واسطے لوگوں کے اور کھلی نشانیاں راہ کی اور فیصلہ

جتنے ہیں ابن آدم ان سبکا رہنما ہے | تمیز حق و باطل، کا صاف آئینہ ہے

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

پھر جو کوئی پاوے تم میں سے یہ مہینہ تو اسکو روزہ رکھے

پھر تم میں سے جو پائے جب آئے یہ مہینا | واجب ہوا اسکے اوپر روزہ دنکا اسکے رکھنا

وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ

اور جو کوئی ہو بیمار یا سفر میں

بیمار ہو جو کوئی یا ہو مریض ماندا | یا ہو کوئی سفر میں (جب آئے یہ مہینا)

فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ

تو گنتی چاہیئے اور دنوں سے

تو اور دن ملا کر گنتی کو پورا کر دے | (سا دے دنوں میں کم نے ناغہ ہوں جتنے روزے)

يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

اللہ چاہتا ہے تم سے آسانی اور نہیں چاہتا تم پر مشکل

اللہ پاک تم پر آسانی چاہتا ہے | سختی نہیں گوارا سختی نہیں روا ہے

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ

اور اس واسطے کہ پوری کرو گنتی

مقصود یہ ہے اُس کا گنتی کو پورا کرلو | (روزوں کا قرض جو ہو پورا اُسے چکا دو)

وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ

اور بڑائی کرو اللہ کی اسپر کہ تمکو راہ بتائی

تاکہ دکھائی تمکو جو سیدھی راہ اُسنے | اللہ کی بڑائی کرتے رہو اُسی پے

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

اور شاید تم احسان مانو

شاید کہ شکر مانو (بن جاؤ خاص بندے) | احسان مانو اُسکا پرہیزگار بنکے

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ

اور جب تجھ سے پوچھیں بندے میرے مجھ کو تو میں نزدیک ہوں

جب پوچھیں میرے بندے کچھ تمسے میری بابت | تم کہدو میں تو ان سے نزدیک ہوں (نہایت)

أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ

پہنچتا ہوں پکارتے کی پکار کو

جب بھی کوئی پکارے شوق سے دعا کرے جو | میں ہوں قبول کرتا (دل سے دعا بھی تو ہو)

فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

جس وقت مجھکو پکارتا ہے تو چاہیے حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھپر شاید کہ راہ پاویں

بس انکو ہے یہ لازم وہ حکم میرا مانیں | ایمان لائیں مجھ پر (اور راہ راست جانیں)

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَائِكُمْ

حلال ہوا تمکو روزے کی رات میں بے پردہ ہونا اپنی عورتوں سے

روزونکی راتیں ہمنے کردیں حلال تمپر | پاس اپنی بیبیوں کے جاسکتے ہو (برابر)

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ

وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم پوشاک ہو اُن کی

پوشاک وہ تمہاری تم ہو لباس انکا | ہو دونو چولی دامن آپسیں تم (سراپا)

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ

اللہ نے معلوم کیا تم اپنی چوری کرتے تھے

اللہ جانتا ہے چوری چھپے کی فطرت | نفسوں سے اپنے تم کرتے تھے خیانت

فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ

سو معاف کیا تم کو اور درگذر کی تم سے

بس اُسنے تمکو بخشا توبہ قبول کرلی | درگذر ادہ خطا سے (یہ رحمت ہی اُسکی)

فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ

پھر اب ملو اُن سے اور چاہو جو لکھ دیا اللہ نے تم کو

اب اُنسے بے تکلف ہم بستری کر دو تم | اور جو نتیجہ اُسکا اللہ دے وہ لو تم

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ

اور کھاؤ اور پیو جبتک کہ صاف نظر آوے تمکو دھاری سفید جدی دھاری سیاہ سے

کھاؤ پیو یہاں تک جو صبح کا سپید ا | شب کی سیاہ دھاری سے دیکھ لو علیحدہ

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ

پھر پورا کرو روزہ رات تک

پھر ابتدائے شب تک روزہ تمام کرلو | (یعنی کہ منہ اندھیرے سے پوری شام کرلو)

وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ

اور نہ لگو ان سے جب اعتکاف میں بیٹھے ہو مسجدوں میں

اور ہاں جو مسجدوں میں تم اعتکاف میں ہو | تو شب کو بھی تم اُن سے قربت نہ کرنا (دیکھو)

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ

یہ حدیں باندھی ہیں اللہ کی سو اُن کے نزدیک نہ جاؤ

یہ ہیں حدیں خدا کی باندھی ہوئی (سنبھلنا) | اُن کی مخالفت کے تم پاس مت پھٹکنا

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

اس طرح بیان کرتا ہے اللہ اپنی آیتیں لوگوں کو

اپنی نشانیوں کو یوں ہی وہ حق تعالیٰ | انسانوں کے لئے ہر دو واضح بیان کرتا

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝

شاید وہ بچتے رہیں

تاکہ ہو متقی تم ہو نیکو کار بندے | پرہیزگار بن کر شاید ڈرو خدا سے

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ

اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کے آپس میں ناحق اور نہ پہنچاؤ انکو حاکموں تک

تم ایک دوسرے کا مت کھاؤ مال ناحق | حکام تک پہنچ کر (کیوں بنتے ہو مبتلا؟)

لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

کہ کھا جاؤ کاٹ کر لوگوں کے مال میں سے مارے گناہ کے اور تمکو معلوم ہے

تاکہ فریب فن سے جبکہ ہے علم تم کو | لوگوں کے مال میں سے ناحق جو با دبا لو

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۭ

تجھ سے پوچھتے ہیں چاند کا نیا نکلنا تو کہہ کہ یہ وقت ٹھیرے ہیں واسطے لوگوں کے اور واسطے حج کے

جو لوگ پوچھتے ہیں چاند ونکی بارے میں (تو) | اوقات ہیں وہ حج کے اور لوگوں کے یہ کہدو

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا

اور نیکی یہ نہیں کہ گھروں میں آؤ چھت پر سے

یہ بھی ہے کوئی نیکی (قربان ہیں ایسے کے) | آتے ہو تم گھروں میں پچھواڑے کی طرف سے؟

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا

اور لیکن نیکی وہی جو کوئی بچتا رہے اور گھروں میں آؤ دروازوں سے

لیکن ہے اسکی نیکی پرہیزگار جو ہے | اپنے گھروں میں آؤ دروازوں کی طرف سے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اور اللہ سے ڈرتے رہو شاید تم مراد کو پہنچو

اور تم ڈرو خدا سے تاکہ فلاح پاؤ | (تاکہ مراد پاؤ اور راہ راست جاؤ)

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا

اور لڑو اللہ کی راہ میں اُن سے جو لڑتے ہیں تم سے اور زیادتی مت کرو

تم سے لڑیں جو کافر راہ خدا میں۔ لڑنا		پر زیادتی نہ کرنا حد سے سوا نہ بڑھنا

إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝

اللہ نہیں چاہتا زیادتی والوں کو

ناخوش ہے حق تعالیٰ جو زیادتی ہیں کرتے		(ہیں ناپسند) اسکو ہر زیادتی کے حملے

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ

اور مارو ان کو جس جگہ پاؤ اور نکالدو اُنکو جہاں سے اُنھوں نے تمکو نکالا

پاؤ اُنہیں جہاں تم فی الفور قتل کردو!		جیسے تمہیں نکالا تم بھی اُنہیں نکالو

وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ

اور دین سے بچانا مارنے سے زیادہ ہے

فتنہ فساد تو ہے خونریزی سے بھی بڑھکر		(کوئی گنہ نہیں ہے اس فتنہ کے برابر

وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ

اور نہ لڑو اُن سے مسجد الحرام پاس جبتک وہ نہ لڑیں تم سے اس جگہ

کعبہ کے پاس اُن سے تم بھولکر نہ لڑنا		جبتک نہ لڑ پڑیں وہ تم تو کُچھ ہی کرنا

فَإِنْ قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ ۗ

پھر اگر وہ لڑیں تو ان کو مارو

پھر۔ لڑ پڑیں اگر وہ اب تو خوب مارو		(جب پہل ہوا اُدھر سے۔ جڑ پیڑ سے مٹادو)

كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝

یہی سزا ہے منکروں کی

ہاں۔ ایسے کافروں کی بیشک یہی سزا ہے		(جو ایسے بے ادب ہوں اُنکا یہی صلا ہے؟)

فَإِنِ انْتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

پھر اگر وہ باز آویں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

باز آئیں پھر اگر وہ اللہ بخشدے گا		(بخشش کا وہ دھنی ہے بیحد ہے رحم والا

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ

لڑو اُن سے جب تک نہ باقی رہے فساد اور حکم رہے اللہ کا

ان سے لڑو یہاں تک ہوجائے پاک فتنہ | باقی رہے جہاں میں اک دین بس خدا کا

فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝

پھر اگر وہ باز آویں تو زیادتی نہیں مگر بے انصافوں پر

باز آئیں پھر اگر وہ پھر زیادتی نہ کرنا | مخصوص زیادتی تو حصہ ہے ظالموں کا

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ

حرمت کا مہینہ مقابل حرمت کے مہینے کے اور ادب رکھنے میں بدلا ہے

ہیں محترم مہینوں کے محترم مہینے | چیزیں جو محترم ہیں انکے بھی ہیں بدلے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ

پھر جس نے تم پر زیادتی کی تم اس پر زیادتی کرو جیسے اس نے زیادتی کی تم پر

تم پر جو زیادتی ہو تم بھی کرو (برابر) | جیسی کہ زیادتی کی اس نے تمہارے اوپر

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ ساتھ ہے پرہیزگاروں کے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے بوجھے | بیشک خدا تعالٰی ہے ساتھ متقیوں کے

وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ

اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں اور نہ ڈالو اپنی جان کو ہلاکت میں

بخشو خدا کے رستے (یہ چیز ہے سخاوت) | لیکن نہ اپنے ہاتھوں انجام ہو ہلاکت

وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور نیکی کرو اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو

نیکی کرو ہمیشہ احسان کرتے رہنا | بیشک خدا تعالٰی ہے دوست محسنوں کا

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ط

اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کے واسطے

پورا کرو خدا کی خاطر سے حج و عمرہ | (ہر سانس دھیان رکھو خوشنودی خدا کا)

فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ

پھر اگر تم روکے گئے تو جو میسر ہو قربانی بھیجو

اگر جاؤ پھر اگر تم ہو کوئی روک پیدا | قربانی کچھ دلادو، جو ہوسکے مہیا

وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ

اور حجامت نہ کرو سرکی جبتک پہنچ نہ چکے قربانی اپنے ٹھکانے

منڈواؤ تم سر انکو اسوقت تک اپنے | قربانی جب تلک کہ اپنی جگہ نہ پہنچے

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ

پھر جو کوئی تم میں سے مریض ہو یا دکھ دیا اسکے سرنے

پھر تم میں سے جو کوئی بیمار رہو کہ ماندا؟ | کچھ اور دکھ ہو اسکو یا درد سر ہو پیدا

فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ

تو بدلا دیوے روزے یا خیرات یا ذبح کرنا

بدلہ ہیں اسکا روزے خیرات یا ہو فدیہ | (جو ہوسکے میسر بالوں کا دیدو صدقہ)

فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ

پھر جب تمکو خاطر جمع ہو تو جو کوئی فائدہ لیوے عمرہ ملا کر حج کیساتھ تو جو میسر ہو قربانی بھیجا

خاطر جمع ہو جب پھر (خدشے سے امن پائے) | حج سے ملاکے عمرہ جو فائدہ اٹھائے

جو جسکو ہو میسر قربانی پھر وہ دیدے | (حکم خدا کو پھر وہ اس طرح سے بجائے)

فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ

پھر جس کو پیدا نہ ہو تو روزہ تین دن کا حج کے وقت میں

اور جو ہو ہمانک بالکل کچھ بھی نہوئے پلّے | ایام حج میں رکھ لے وہ تین دن کے روزے

وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

اور دن جب پھر کر جاؤ یہ دس ہوئے پورے

اور سات واپسی پر جب لوٹو پھر اپنے | یہ ٹانکا ٹونک دس ہیں کل دس ہوئے یہ روزے

ذَٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

یہ اسکو ہے جس کے گھر والے نہ ہوں رہتے مسجد حرام میں

اسکے لئے ہے لیکن (یہ حکم) اسکی خاطر | اہل وعیال جسکے مکے میں ہوں نہ حاضر

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے

ڈرتے رہو خدا سے دلمیں ہی یہ دھڑکا | ہے سخت عذاب اُسکا ۔ اسکا عذاب تو با!

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ

حج کے لیے مہینے ہیں معلوم پھر جس نے لازم کرلیا انمیں حج

حج کے تو ہیں مہینے کچھ سب پہ ہے ظاہر | انمیں جو حج بجائے اللہ میاں کی خاطر

فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ

تو بے پردہ ہونا نہیں عورت سے اور نہ گناہ کرنا نہ جھگڑا کرنا عورت سے

ایام حج میں اسکو قدغن مباشرت ہے | فسق و فجور جھگڑا سب کی ممانعت ہے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ

اور جو کچھ تم کروگے نیکی اللہ کو معلوم ہوگی

ہاں نیکی جو کروگے اللہ جان لیگا | جسنے کیا ارادہ اور واسطے اسکو پوچھا

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

اور خرچ راہ لیا کرو کہ خرچ راہ میں بہتر ہے گناہ سے بچنا

ہاں زادِ راہ لے لو (توشے کا ہی ہے سہارا) | دراصل سب سے بہتر، ہے زادِ راہ تقوے

وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ

اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو

اے عقل والو مجھ سے ڈرتے رہو ہمیشہ | (ڈرتے ہیں جو خدا سے انکا ہی پار بیڑا)

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

کچھ گناہ نہیں تم پر کہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا

(حج کے شمول ہی میں) یہ کچھ نہیں برائی | چاہو جو اپنے رب سے تم فضل و خیر و خوبی

فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

پھر جب طواف کو چلو عرفات سے تو یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر الحرام کے

جب سعی کرکے (لوگو) عرفات سے پھرو تم | مشعر کے پاس تم کر یاد خدا کرو تم

وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ

اور اسکو یاد کرو جس طرح تمکو سکھایا

اور اسکی یاد کا بھی ہے بس یہی طریقا جس طرح ہے کہ اس نے تم سبکو ہے بتایا

وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

اور تم تھے اس سے پہلے راہ بھولے

(حالانکہ) اس سے پہلے گمراہ ہو ہی رہے تھے تمتو (یہ اسکا ہی کرم ہے جو سیدھی راہ پر ہو)

ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

پھر طواف کو چلو جہاں سے سب لوگ چلیں

عرفات سے چلو جب تو آؤ اس طرف سے لوگ آئیں جسطرف سے ساتھ آؤ تم بھی انکے

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اور گناہ بخشواؤ اللہ سے اللہ ہی بخشنے والا ہے

بخشش طلب کرو تم ہو مغفرت کے جو یا اللہ پاک بیشک بیحد ہے رحم والا

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

پھر جب پورے کر چکو اپنے حج کے کام تو یاد کرو اللہ کو

پھر جب تمام کر لو ارکان حج کو اپنے یاد خدا کرو تم اور وہ بھی اس طرح سے

كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۭ

جیسے یاد کرتے تھے اپنے باپ اور دادونکو بلکہ اس سے زیادہ یاد

جیسے کہ باپ دادا کا ذکر کرتے ہو تم بلکہ کچھ اس سے بڑھکر مشغول حق رہو تم

فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

پھر کوئی آدمی کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں بھی

لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو اس طرح ہیں کہتے اے رب ہمارے ہمکو دنیا کی بہتری دے

وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝

اور اس کو آخرت میں کچھ حصہ نہیں

کیا کام آخرت سے دنیا کے ہو رہے جو بھی؟ ہاں ان آخرت میں انکا حصہ نہیں ہے کوئی

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

اور کوئی اُن میں کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دُنیا میں

اور بعض اُن میں وہ ہیں جو اسطرح ہیں کہتے | اے رب ہمارے ہمکو دُنیا کی بہتری دے

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے

اور آخرت میں بھی دے تو ہمکو خیر و خوبی | ہمکو عذاب دوزخ سے بھی بچا الٰہی

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا

اُنہیں ہے کچھ حصہ اپنی کمائی سے

یہ ہی ہیں وہ کہ جنکا ہے آخرت میں حصہ | جیسا عمل کیا ہے پھل پائینگے وہ اسکا

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝

اور اللہ جلد لیتا ہے حساب

قادر ہے مقتدر ہے بیشک وہ رب اعلیٰ | اُن سے پلک جھپکتے میں وہ حساب لیگا

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ

اور یاد کرو اللہ کو کئی دن گنتی کے

ان گنتی کے دنوں میں یاد خدا کرو تم | مخصوص حج کے دن ہیں مشغول حج ہو تم

فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ

پھر جو کوئی جلدی چلا گیا دو دن میں اسپر نہیں گناہ

پھر جو کہ دو ہی دن میں چلتا بنے منیٰ سے | اسپر گنہ نہیں کچھ ٹھیرے وہ یا نہ ٹھیرے

وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ

اور جو کوئی رہ گیا اسپر نہیں گناہ

اور دیر تک جو ٹھیرے نزدیک وہ بھی ناکام | اسمیں مضائقہ کیا ہو دیر یا سویرا؟

لِمَنِ اتَّقٰى

جو کوئی ڈرتا ہے

یہ ہے رعایت اسکو ڈرتا ہی جو خدا سے | (آسانیاں ہیں اسکو پرہیزگار جو ہی)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ تم اسی پاس جمع ہو گے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے رہو | اسکے حضور میں تم حاضر ضرور ہو گے

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اور بعضا آدمی ہے کہ خوش آوے تجھکو بات اسکی دنیا کی زندگی میں

انسانوں میں سے بعضا ایسا ہے ایک بندہ | تمکو پسند تر ہے دنیا میں قول جس کا

وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ

اور گواہ پکڑتا ہے اللہ کو اپنے دل کی بات پر

جو کچھ ہے اسکے دل میں فتنہ فساد برپا | اللہ کو اسی پر ہے وہ گواہ لاتا

وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ

اور وہ سخت جھگڑالو ہے

حالانکہ وہ ہے دشمن سب سے بڑا تمہارا | سب سے زیادہ ظالم جھگڑالو ہے غضب کا

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا

اور جب پیٹھ پھیرے دوڑتا پھرے ملک میں کہ اس میں ویرانی کرے

جب پیٹھ پھیرتا ہے کوشش یہی کرتا | سب ملک کو بیہودہ مارے کردے فساد برپا

وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ

اور ہلاک کرے کھیتیاں اور جانیں

انسان اور زراعت سبکو تباہ کردے | برباد نسل کردے سبکو مٹاکے دھردے

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ

اور اللہ خوش نہیں رکھتا فساد کرنا

اللہ کو ذرا بھی جھگڑا نہیں ہے بھاتا | ہے ناپسند اسکو فتنہ فساد کرنا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ

اور جب کہے اللہ سے ڈر تو کھینچ لاوے اسکو غرور گناہ پر

اور جب کہا ہے اس سے (ظالم) خدا سے تو ڈر | تو پھر کڑی گناہوں کی چھا گئی ہے اسپر

فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

پھر بس ہے اُس کو دوزخ اور بڑی تیاری ہے

(اِس درجہ لعنتی) تو دوزخ ہی کافی ٹھکانا | اور وہ بُری جگہ ہے بیحد بُرا ٹھکانا

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ

اور کوئی آدمی بیچتا ہے اپنی جان کو تلاش کرتا خوشی اللہ کی

انسانوں میں سے (بیشک) اک ایسا ہی فائق | جو جان بیچتا ہی اللہ کی رضا پر

وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۝

اور اللہ شفقت رکھتا ہے بندوں پر

اللہ تو بہت ہی بندونپہ مہربان ہی | شفقت ہی اُسکی سب پر کُل کا نگہبان ہی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۪

اے ایمان والو داخل ہو مسلمانی میں پورے

اے دیندارو (اپنی تعداد کو بڑھاؤ) | سب مل کے پورے پورے اسلام میں تم آؤ

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ

اور مت چلو قدموں پر شیطان کے

شیطان کے قدم پر لیکن قدم نہ رکھنا | (اُسکی روش بری ہی تم پیروی نہ کرنا)

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

وہ تمہارا صریح دشمن ہے

بیشک تمہارا دشمن ہے وہ کھلا کھلایا | (اس سے بچاؤ خود کو ہشیار اس سے رہنا)

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ

پھر اگر ڈگمگئے تم بعد اسکے کہ پہنچے تمکو صاف حکم

پھر بھی کرو جو لغزش پھر بھی جو کھاؤ ٹھوکر | بعد اُسکے آچکی جب واضح دلیلیں تم پر

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

تو جان رکھو کہ اللہ زبردست ہے حکمت والا ہے

تو یہ سمجھ لو وہ رب معدن ہے حکمتوں کا | قوت بڑی ہے اُسکی مجموعہ طاقتوں کا

هَلْ يَنظُرُونَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِىْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ

کیا لوگ یہی انتظار رکھتے ہیں کہ آوے اُنپر اللہ ابر کے سائبانوں میں

کیا اسکے منتظر ہیں وہ زعم میں ہیں اپنے؟ | سائے میں بادلوں کے اللہ اُن تک آئے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِىَ الْاَمْرُ ؕ

اور فرشتے اور فیصل ہووے کام

اور سب فرشتے اُسکے بن جائیں اِک پرا سا | آجائے پھر قیامت چک جائے سارا قصہ

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

اور اللہ ہی کی طرف رجوع ہیں سب کام

حالانکہ کام سارے ہیں منتہی خدا تک | ہے بازگشت انکی اُس پاک کبریا تک

سَلْ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍ بَيِّنَةٍ ؕ

پوچھ بنی اسرائیل سے کتنی ہم نے دیں آیتیں اُن کو واضح

موسائیوں سے پوچھو تم (پوچھ کر تو دیکھو) | کیا کیا نشانیاں دیں روشن نہ ہم نے اُن کو

وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

اور جو کوئی بدل ڈالے اللہ کی نعمت بعد اسکے کہ پہنچ چکی تھی اسکو

پھر جو کوئی ہو ایسا جو نعمت خدا کے | آنے کے بعد اُسکو وہ کچھ کا کچھ بدل دے

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

تو اللہ کی مار سخت ہے

تو تو - خدا کا غصہ پھر سخت ہی غضب کا | (پھر اسکی مار - ہے ہی اُسکا عذاب توبا!)

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

رجھایا ہے منکروں کو دنیا کی زندگی پر

کفار کی نظر میں تو زندگی دنیا | بڑھ چڑھ کے ہے دکھائی زینت کدہ ہے گویا

وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور ہنستے ہیں ایمان والوں سے

اور مومنوں کے اوپر ٹھٹھے اڑاتے ہیں وہ | (خود اپنی فوقیت پر اتراتے جاتے ہیں وہ)

وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اور پرہیزگار ان سے اوپر ہوں گے قیامت کے دن

حالانکہ متقی ہیں درحقیقت ان سے بہتر — فوقیت انکو ہوگی ان پر بروزِ محشر

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اور اللہ روزی دیوے جسکو چاہے بےشمار

اللہ تعالیٰ بیشک روزی رساں ہی ہیکا — وہ چاہتا ہے جس کو بےحساب دیتا

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً

تھے لوگوں کا دین ایک

تھے ابتدا میں یکساں لوگو نکی ایک ہی تھا — سب کا تھا دین واحد سب کی تھی ایک حالت

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ

پھر بھیجے اللہ نے نبی خوشی اور ڈر سنانے

(جب بکھرے وہ) تو رب نے پیہم رسول بھیجے — خوش خبری دینے والے حق سے ڈرانے والے

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

اور اتاری ان کے ساتھ کتاب سچی

لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

کہ فیصل کرے لوگوں میں جس بات پر کہ جھگڑا کریں

پھر ان کے ساتھ اتاری بھی کتاب حق نے — تاکہ چکا دیں جھگڑا جس میں تھے وہ جھگڑتے

وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ

اور کتاب میں جھگڑا ڈالا نہیں مگر انھوں نے جن کو ملی تھی

اور اختلاف جو تھا وہ تھا انہیں کا شوشا — جنکو کتاب دی تھی جھگڑا انھوں نے ڈالا

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ

بعد اس کے کہ ان کے پاس پہنچ چکا حکم آپس کی ضد سے

آپس کی ضد سے ڈالی ان لوگوں نے پھر کے بعد — احکام آئے پیچھے کرنے لگے دلیلیں

فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

پھر اب راہ دی اللہ نے ایمان والوں کو اس بات کی جس میں جھگڑ رہے تھے

اللہ نے پھر ان کو وہ راہِ حق دکھا دی | جسیں جھگڑ رہے تھے وہ حجت ہی نبٹا دی

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ

اپنے حکم سے

یہ حکم تھا اسی کا (ایسا ہی تھا اشارا) | (سب اختلاف نبٹے پھر مل گئے دوبارا)

وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اور اللہ جس کو چاہے چلائے سیدھی راہ

اللہ جس کو چاہے لیجائے سیدھے رستے | (افضال ہیں یہ اسکے جو راہ راست بخشے

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

کیا تم کو خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے

کیا زعم ہے یہ تمکو جنت میں جا رہو گے | (اچھے عمل کیے بن تم اسکو لے ہی لو گے؟)

وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

اور ابھی تم پر آئے نہیں احوال اُنکے جو آگے ہو چکے تم سے

(حالانکہ) تم پہ اب تک ویسی نہیں پڑی ہے | جو تم سے پہلے لوگوں کے دم پر آ بنی ہے

مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا

پہنچی ان کو سختی اور تکلیف اور جھڑ جھڑائے گئے

افلاس اُن پہ چھایا تکلیفیں بھی اٹھائیں | انکو ہلا ہی مارا (غم کی گھٹائیں چھائیں)

حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

یہاں تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے

جتنے کہ خود پیمبر اور اُنکے ساتھ والے | ایمان دار جو تھے یک لخت چیخ اٹھے

مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ

کب آوے گی مدد اللہ کی

اللہ کی مدد وہ کب آئے گی خدایا | (اللہ اک کبریا نے جس کا کیا تھا وعدہ)

أَلَآ إِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيبٌ

سن رکھو مدد اللہ کی نزدیک ہے

سن لو مدد خدا کی اب آ لی کی ہر آئی (اب وقت آ لگا ہے پہنے سی ہو گا لی)

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ

تجھ سے پوچھتے ہیں کیا چیز خرچ کریں

جو تم سے پوچھتے ہیں، کیا راہِ حق میں خرچیں (کیا دیں خدا کے رستے؟ کیا اسکی ہیں سبیلیں)

قُلْ مَآ أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ

تو کہہ جو چیز خرچ کرو فائدے کی جو ماں باپ کو اور نزدیک ناطے والوں کو

کہدو کہ مال میں ہو۔ تقسیم اس طرح سی (ماں، باپ دسب سے پہلے، پھر رشتے کنبے والے)

وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ وَٱبْنِ ٱلسَّبِيلِ

اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافروں کو

پھر ہیں یتیم و مسکیں، محتاج اور مسافر (رہوں جو غریب غربا درماندہ انکو دیکھو)

وَمَا تَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٌ

اور جو کرو گے بھلائی سو وہ اللہ کو معلوم ہے

جو کچھ کرو گے نیکی اللہ جانتا ہے (سب اسکے علم میں ہے نیت کا آشنا ہے)

كُتِبَ عَلَيْكُمُ ٱلْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ

حکم ہوا تمکو لڑائی کا اور بُری لگتی ہے تم کو

واجب کیا گیا ہے تم پر جہاد کرنا (حالانکہ وہ کھلیگا وہ تمکو شاق ہوگا)

وَعَسَىٰٓ أَن تَكْرَهُوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

اور شاید کہ تم کو بری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تمکو

اور کیا عجب؟ جو اک شی تمکو بری ہو لگتی (وہ ہی تمہارے حق میں اچھی ہو بہتری کی)

وَعَسَىٰٓ أَن تُحِبُّوا۟ شَيْـًٔا وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

اور شاید تم کو خوش لگے ایک چیز اور وہ بری ہو تم کو

اور کیا عجب؟ جو اک شے تمکو بھلی ہو لگتی (وہ ہی تمہارے حق میں [illegible] بری ہو [illegible])

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

ان باتوں کا خدا ہی کو علم ہے (سمجھ لو) | جو اسکے علم میں ہے تم جانتے نہیں ہو

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ

تجھ سے پوچھتے ہیں حرام کے مہینے کو اس میں لڑائی کرنی

جو تم سے پوچھتے ہیں ہو کیا حکم ہے خدا کا | ہے محترم مہینوں میں کیسا جنگ کرنا

قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ

کہہ لڑائی اس میں بڑا گناہ ہے

کہدو گنہ کبیرہ ہے ان میں جنگ کرنا | (راہِ ادب ہیں وہ سب ان میں کبھی لڑنا)

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ

اور روکنا اللہ کی راہ سے اور اسکو نہ ماننا اور مسجد حرام سے روکنا

راہِ خدا کی بندش انکار ذاتِ حق سے | مسجد جو محترم ہے محروم کرنا اس سے

وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

اور نکال دینا اس کے لوگوں کو وہاں سے اس سے زیادہ گناہ ہے اللہ کے ہاں

اور جو وہاں ہوں بستے انکو نکال دینا | نزدیک اس خدا کے سب ہیں گنہ کبیرا

وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ

اور دین سے بچلانا مار ڈالنے سے زیادہ ہے

فتنہ فساد تو ہے خونریزی سے بھی بڑھکر | (بیشک یہ مفسدہ ہیں ہر قتل سے فزوں تر)

وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ

اور وہ تو لگے ہی رہتے ہیں تم سے لڑنے کو یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں تمہارے دین سے اگر [illegible]

(کفار) تو ہمیشہ لڑتے رہینگے جم کے | پھیر جو دست رس ہو پلٹا دیں دین حق سے

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ

اور جو کوئی پھرے گا تم میں اپنے دین سے پھر مر جائے کافر ہی پر

اور تم میں سے جو کوئی دین (دین) سے پھر گیا | (حالت میں کفر ہی کی جو شخص مر رہیگا)

فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

تو ایسوں سے ضائع ہوئے عمل دنیا اور آخرت میں

تو ایسے لوگوں کے اعمال ہیں وہ غارت | دنیا و آخرت میں سب جائینگے اکارت

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

اور وہ آگ والے ہیں اور اس میں رہ پڑے

یہ ہی جہنمی ہیں۔ اپنا کیا بھر ینگے | دوزخ ہی ہے ٹھکانا انمیں ہی وہ رہینگے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور لڑے اللہ کی راہ میں

ایمان جو ہیں لائے ہجرت بھی کی لڑے بھی | (راہِ خدا میں لڑکر جیتے ہیں مر کے بھی)

اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ط

وہ امیدوار ہیں اللہ کی مہر کے

اُمیدوارِ رحمت یہ ہی تو ہیں خدا کے | (یہ ہی ہیں خاص بندے اللہ کے دلارے)

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

بیشک خدا تعالیٰ رحمت میں ہے نرالا | بخشش کا وہ دھنی ہے بےحد ہے رحم والا

يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ط

تجھ سے پوچھتے ہیں حکم شراب کا اور جوئے کا

تم سے شراب پینے) اور کچھ جوئے کی بات | جو لوگ پوچھتے ہیں (حلت ہے یا کہ حرمت

قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

تو کہہ ان میں گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہیں لوگوں کو

کہدو۔ گناہ دونوں میں ہے بڑا نمایاں | اور فائدے بھی ہیں کچھ لوگوں کے انمیں پنہاں

وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ط

اور ان کا گناہ فائدے سے بڑا

لیکن گناہ ان کا ہے فائدوں سے بڑھ کر | (اس چیز کو سمجھ لو جو عقل کا ہے جوہر)

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلِ الْعَفْوَ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں تو کہہ جو افزود ہو

جو تم سے پوچھتے ہیں خیرات کے طریقے کہدو۔ کہ جو ہو زائد حاجت ضرورتوں سے

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے حکم

اور بس اسی طرح سے وہ پاک رب اعلیٰ احکام اپنے تمکو ہے کھول کرتا تا

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۬ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

شاید تم دھیان کرو دنیا میں بھی اور آخرۃ میں بھی

دُنیا و آخرت کے بارے میں تاکہ سوچو (ہو امتیاز حاصل کچھ غور و فکر سیکھو)

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ

اور پوچھتے ہیں تجھ سے یتیموں کا حکم تو کہہ کہ سنوارنا ان کا بہتر ہے

جو پوچھتے ہیں تم سے بہر یتیم (و مضطر) کہدو کہ جتنی اُن کی اصلاح ہو وہ بہتر

وَاِنْ تُخَالِطُوْھُمْ فَاِخْوَانُكُمْ

اور اگر خرچ ملا رکھو ان کا تو تمہارے بھائی ہیں

جو اُن کا خرچ رکھو آپس میں تم ملا کر تو بھائی ہیں تمہارے بنھ جائے گی برابر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ

اور اللہ کو معلوم ہے خرابی کرنے والا اور سنوارنے والا

(اللہ کی نظر میں ہر شئے الگ جھلک ہے) مفسد کو مصلح سے وہ پہچانتا الگ ہے

وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ

اور اگر چاہتا اللہ تم پر مشکل ڈالتا

(بہتر ہے اس خدا کو آسانیوں کا خشا) ورنہ وہ چاہتا جو سختی میں ڈالدیتا

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

اللہ زبردست ہے تدبیر والا

بیشک خدا تعالیٰ قوت میں فرد و یکتا ہے وہ حکیم مطلق مخزن ہی حکمتوں کا

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ

اور نکاح میں نہ لاؤ شرک والی عورتیں جبتک ایمان نہ لائیں

اور مشرک عورتوں سے ہرگز نہ عقد کرنا	ایماں نہ لائیں جبتک رکھ ہاتھ بھی نہ دھرنا

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ

اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے کسی شرک والی سے اگرچہ تم کو خوش آوے

ایمان والی لونڈی ہے مشرکہ سے بہتر	کتنی ہی تمکو بھائے یا جان جائے اسپر

وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ

اور نکاح نہ کردو مشرک والوں کو جب تک ایمان نہ لاویں

عورات مسلمہ سے مشرک نہ بیاہے جائیں	اس وقت تک کہ جبتک ایمان وہ نہ لائیں

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ

البتہ غلام مسلمان بہتر ہے کسی شرک والے سے اگرچہ تم کو خوش آوے

کتنا ہی مرد مشرک تمکو بھلا لگے پر	مومن غلام اس سے ہر طرح پر ہے بہتر

اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ

وہ لوگ بلاتے ہیں دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کیطرف اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے

دوزخ کی سمت تمکو وہ دیتے ہیں بلادا	اللہ تمکو جنت اور مغفرۃ ہے دیتا

وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

اور بتاتا ہے اپنے حکم لوگوں کو

اور وہ خدائے برتر لوگوں کو ہے سمجھاتا	احکام اپنے واضح کر کر کے ہے بتاتا

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

شاید وہ چوکس ہو جائیں

شاید کہ ہوش آئے پہچان لیں حقیقت	(شاید کہ مان لیں وہ پا جائیں وہ نصیحت)

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى

اور پوچھتے ہیں تجھ سے حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہے

جو پوچھتے ہیں تم سے کچھ حیض کی حقیقت	کہدو - وہ گندگی ہے - اک قسم کی نجاست

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِی الْمَحِیْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰی یَطْهُرْنَ

تو حیض میں عورتوں سے الگ رہو جب تک وہ پاک نہ ہو لیں

آپ کو عورتوں سے تم حیض میں بچاؤ جبتک پاک ہولیں وہ پاس بھی نہ جاؤ

فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ

پھر جب ستھرائی کریں تو جاؤ ان پاس جہاں سے حکم دیا تم کو اللہ نے

بھر جب نہالیں دھولیں تم ان کے پاس آؤ حکم خدا ہے جیسا اس راہ سے حظ اٹھاؤ

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ۝

اللہ کو خوش آتے ہیں توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہیں ستھرائی والے

ان توبہ کرتے ہیں جو اور پاک رہتے ہیں جو بیشک خدا تعالیٰ کے دوست ہیں وہی تو

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ

عورتیں تمہاری کھیتی ہیں جو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے چاہو

ہیں بیبیاں تمہاری کھیتی کے سے سمجھاؤ تم اپنی کھیتیوں میں جی چاہے جیسے آؤ

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ

اور آگے کی تدبیر کرو اپنے واسطے

(اور اپنے واسطے ہو آئندہ کا بھی سودا اعمال نیک کا تم کرتے رہو ذخیرہ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ تم کو اس سے ملنا ہے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے بوجھے اس کے حضور میں تم حاضر ضرور ہوگے

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

اور خوش خبری سنا ایمان والوں کو

اور مومنین جو ہیں خوش خبری تم سنا دو (ایمان لائے ہیں جو ان کا انھیں صلا دو)

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَیْمَانِكُمْ

اور نہ ٹھیراؤ اللہ کو ہتھکنڈا اپنی قسمیں کھانے کا

خالق کو روک اپنی قسموں کی مت بناؤ ناحق یہ جھوٹی قسمیں اللہ کی نہ کھاؤ

اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ

کہ سلوک نہ کرو اور پرہیزگاری اور صلح درمیان لوگوں کے

اس واسطے کہ نیکی اور اتقا کو چھوڑو آپس کی صلح جوئی کے کام بھی نہ آؤ

وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ

اور اللہ سنتا ہے جانتا ہے

(جو ہے تمہارے دلمیں جو لب پہ آگیا ہو) اللہ پاک سب کچھ سنتا ہے جانتا ہے

لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغۡوِ فِیۡۤ اَیۡمَانِکُمۡ

نہیں پکڑتا تم کو اللہ تمہاری ناکارہ قسموں پر

ان لغو قسموں کا تو کچھ مواخذہ نہ ہوگا (اگر یہ بھی ہے تمہارا بیہودہ اک طریقہ)

وَلٰکِنۡ یُّؤَاخِذُکُمۡ بِمَا کَسَبَتۡ قُلُوۡبُکُمۡ

لیکن پکڑتا ہے اس کام پر جو کرتے ہیں دل تمہارے

لیکن ضرور پکڑے گا اس میں حق تعالیٰ جن قسموں میں تمہارا ہوگا دلی ارادہ

وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ حَلِیۡمٌ ۝

اور اللہ بخشتا ہے تحمل والا

بیشک خدا تعالیٰ آمرزگار ہے بخشش کا بھی دھنی ہے اور بردبار بھی ہے

لِلَّذِیۡنَ یُؤۡلُوۡنَ مِنۡ نِّسَآئِہِمۡ تَرَبُّصُ اَرۡبَعَۃِ اَشۡہُرٍ

جو لوگ قسم کھا رہتے ہیں اپنی عورتوں سے ان کو فرصت ہے چار مہینے کی

ملنے کی بیبیوں سے اپنی قسم جو کھالیں وہ چار ماہ پورے پھر انتظار کھینچیں

فَاِنۡ فَآءُوۡ فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ۝

پھر اگر مل گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

اسمیں جو میل کرلیں تو بخشدے گا مولا بخشش کا وہ دھنی ہے بےحد ہے رحم والا

وَاِنۡ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ

اگر ٹھیرا لیا رخصت کرنا تو اللہ سنتا ہے جانتا ہے

اور جو ارادہ کرلیں پختہ طلاق ہی کا تو بھی خدا تعالیٰ واقف ہے سننے والا

وَالۡمُطَلَّقٰتُ یَتَرَبَّصۡنَ بِاَنۡفُسِہِنَّ ثَلٰثَۃَ قُرُوۡٓءٍ

اور طلاق والی عورتیں انتظار کروادیں اپنے تئیں

جنکو طلاق دیدی پابند اسکی وہ ہیں وہ تین طہر تک بس آپ کو اپنے روکیں

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ

اور اُن کو حلال نہیں کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا اللہ نے اُن کے پیٹ میں

اُن کو نہیں یہ جائز جو وہ لگیں چھپانے | رحموں میں اُن کے جو کچھ پیدا کیا خدا نے

إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اگر ایمان رکھتی ہیں اللہ پر اور پچھلے دن پر

یہ جب ہی جبکہ وہ سب اللہ والیاں ہیں | اللہ و آخرت پر ایمان لایاں ہوں

وَبُعُوْلَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذٰلِكَ إِنْ أَرَادُوْا إِصْلَاحًا

اور ان کے خاوند کو پہنچتا ہے پھیر لینا ان کا اتنی دیر میں اگر چاہیں صلح کرنی

اس عرصہ میں جو اُن کے شوہر کریں ارادہ | تو پھیریں وہ اُن کو ہے اُنکا حق زیادہ

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

اور عورتوں کا بھی حق ہے جیسا کہ ان پر حق ہے موافق دستور کے

ہے عورتوں کا حق بھی مردوں کے ذمہ لیا | جیسا کہ حق نیکی ہے عورتوں پہ اُن کا

وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

اور مردوں کو اُن پر درجہ ہے اور اللہ زبردست ہے تدبیر والا

ہاں مردوں کو ہے اُن پر اک قسم کی فضیلت | بیشک خدا قوی ہے اُسکی بڑی ہے حکمت

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ

طلاق ہے دو بار تک پھر رکھنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا نیکی سے

(رجعی طلاق تو ہے دو بار) پھر یہ صورت | نیکی کے ساتھ رکھ لو یا خوشدلی سے رخصت

وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوْا مِمَّا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا

اور تم کو روا نہیں کہ لے لو کچھ اپنا دیا ہوا عورتوں کو

بعد طلاق تمکو ۔ یہ بھی نہیں روا ہے | کچھ اُن سے جھٹک لو جو اُنکو دیدیا ہے

إِلَّا أَنْ يَّخَافَا أَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

مگر یہ کہ دونوں ڈریں کہ نہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے

اس شکل کے سوا ہاں جب دونوں کو یہ ہو ڈر | قائم نہ رہ سکینگے اللہ کی حدوں پر

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰہِ

پھر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ ٹھیک نہ رکھیں گے قاعدے اللہ کے

پھر جبکہ خوف ہوں یہ - دونوں کو ہو یہ کھٹکے

اللہ کی حدوں پر قایم نہ رہ سکیں گے

فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِہٖ

تو نہیں گناہ دونوں پر جو بدلا دے کہ چھوٹے عورت

اس وقت دیدے عورت کچھ فدیہ اپنے بدلے

تو کچھ گناہ نہیں ہے اُنپر (کہ پیچھا چھوٹے)

تِلْکَ حُدُوْدُ اللّٰہِ فَلَا تَعْتَدُوْھَا

یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے سو اُن سے آگے مت بڑھو

یہ ہیں حدیں خدا کی (ان سے نہ آگے بڑھنا)

(باندھی ہوئی خدا کی - ان سے نہ تم گذرنا)

وَمَنْ یَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰہِ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ

اور اگر کوئی بڑھ چلے اللہ کے قاعدوں سے سو وہی لوگ ہیں گنہگار

اور جو کہ بڑھ چلیں گے اللہ کی حدوں سے

ظالم ہیں وہ یقیناً وہ ہی ہیں ظلم والے

فَاِنْ طَلَّقَھَا فَلَا تَحِلُّ لَہٗ

پھر اگر اُسکو طلاق دی تو اب حلال نہیں اسکو وہ عورت

جب تیسری دفع بھی عورت طلاق پائے

اُس مرد پر نہ ہوگی عورت حلال پھر سے

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰی تَنْکِحَ زَوْجًا غَیْرَہٗ

اس کے بعد جب تک نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اسکے سوائے

جب تک کہ دوسرے سے عقد اُسکا پھر نہ ہوگا

(جبتک کہ بن نہ جائے وہ دوسرے کی زوجہ)

فَاِنْ طَلَّقَھَا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِمَآ اَنْ یَّتَرَاجَعَآ

پھر اگر وہ شخص اسکو طلاق دے تب گناہ نہیں ان دونوں کو کہ پھر مل جاییں

پھر دوسرا بھی شوہر خوش طلاق دیدے

اور پہلا شوہر اور وہ پھر یہ سمجھ لیں گے

اِنْ ظَنَّآ اَنْ یُّقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰہِ

اگر خیال کریں کہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے

اللہ کی حدوں سے اب ہم نہ ہونگے باہر

پھر جو رجوع کریں تو جرم کیا ہو انپر؟

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ

اور یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے بیان کرتا ہے واسطے جاننے والوں کے

یہ ہیں حدیں خدا کی (انکو وہ رب علی) | اُن لوگوں کے لیئے ہو روشن بیان کرتا

(جو خانہ داری کی ہیں ہر مصلحت میں بڑے) جو ہیں شعور والے جو ہیں سمجھنے والے

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک

جب تم نے عورتوں کو ہیں طلاق دیدی | عدت بھی انکی پوری ہو جانیکو ہوائی

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

تو رکھ لو ان کو دستور سے یا رخصت کرو ان کو دستور سے

دستور کے موافق یا انکو روک ہی لو | نیکی کے ساتھ یا تم پھر انکو چلتا کردو

وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا

اور مت بند کرو اُن کے ستانے کو یا زیادتی کرو

لیکن جو روکنا ہو۔ نیت نہ ہو ضرر کی | کچھ زیادتی نہ کرنا دل میں ہو برائی

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ

اور جو کوئی یہ کام کرے اس نے برا کیا اپنا

پھر جو دغا کرے گا۔ ایسا اگر کریگا | اپنا ہی کھوئے گا کچھ آپ پہ ظلم ہوگا

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا

اور مت ٹھیراؤ حکم اللہ کے ہنسی

آیات کی خدا کے ہنسیاں مت اُڑاؤ | یہ کھیل کچھ نہیں ہے تم انکو نہ سمجھو

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور یاد کرو احسان اللہ کا جو تم پر ہے

احسان جو خدا نے تم پر کیے ہیں بیشتر | ہر وقت یاد رکھو مشکور ہو (برابر)

وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ

اور وہ جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتیں

اور یہ بھی یاد رکھو اُن سب کی تم عنایت | نازل کی ہیں نے تم پر کیسی کتاب و حکمت؟

يَعِظُكُمْ بِهٖ

کہ تم کو سمجھائے

تاکہ وہ اس ذریعہ تمکو کرے نصیحت | دافضال کبریا ہیں رحمت یہ ہی یہ حکمتا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

اور جان رکھو کہ اللہ سب چیز جانتا ہے

ڈرتے رہو خدا سے یہ بات جانے رہو | وہ سب کا باخبر ہے سب کچھ وہ جانتا ہے

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچ چکیں اپنی عدت کو

جب تم نے عورتوں کو ہیں طلاق دیدی | عدت بھی انکی پوری ہوجانے کو ہو آئی

فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

تو اب نہ روکو انکو کہ نکاح کرلیں اپنے خاوندوں سے جب راضی ہوجائیں آپسمیں موافق دستور کے

پھر جس سے بھی وہ چاہیں نیکی سے عقد کرلیں | مت روکو انکو ہرگز مختار اپنی وہ ہیں

ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

یہ نصیحت ملتی ہے اسکو جو کوئی تم میں یقین رکھتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر

تم میں سے یہ نصیحت اسکے لئے ہے بس | ایمان جو ہو لایا اللہ و آخرت پہ

ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ

اسی میں سنوار زیادہ ہے تم کو اور ستھرائی

پاکیزگی صفائی کی بات ہے سراسر | یہ واسطے تمہارے ہر طرح سے ہی بہتر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

اسمیں جو مصلحت ہے پہچانتے نہیں ہو | اللہ جانتا ہے تم جانتے نہیں ہو

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ

اور لڑکے والیاں دودھ پلاویں اپنے لڑکوں کو دو برس پورے

اور جب طلاق ہوں بچے کی ہوں جو مائیں | وہ دودھ دو انکو پورے دو سال تک پلائیں

وَلِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت اور لڑکے والے پر ہے کھانا اور پہننا ان کا موافق دستور کے

جو مدت رضاعت پوری کرانی چاہے | وہ (باپ) نان نفقہ بھی ماؤں کا اٹھائے

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا

تکلیف نہیں اس شخص کو مگر جو اس کی گنجائش ہے

وسعت سے بڑھ کے کوئی تکلیف نہ پہنچائے | جو جیسا دست رس ہو اتنا ہی بوجھ اٹھائے

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ

نہ ضرر چاہے ماں اپنی اولاد کا اور نہ لڑکے والا اپنی اولاد کا

نہ ماں کو کچھ ضرر ہو بچے کے اڑتلے میں | نقصان باپ پائے نہ اسکے تخمصے میں

وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ

اور وارث پر بھی یہی ذمہ ہے

جو باپ کا ہو وارث قائم مقام اسکا | یہ حکم ہے یقیناً اسکے ہی ذمے ویسا

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

پھر اگر دونوں چاہیں دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے اور مشورت سے تو انکو نہیں گناہ

ماں باپ پھر جو چاہیں آپس کے مشورے | جو دودھ وہ بڑھائیں تو دودھ گیا ہو ان سے

وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور اگر تم مرد چاہو کہ دودھ پلواؤ اپنی اولاد کو تو تم پر نہیں ہے گناہ

یہ جو اگر ارادہ؟ دے دودھ اور دایہ | تو بھی گنہ نہیں کچھ بھی وہ تمہارا

اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

جب حوالے کر دیا جو تم نے دینا ٹھہرایا تھا موافق دستور کے

ہو شرط یہ کہ جو کچھ دستور چاہتا ہو | دائی کو جو دیا ہو۔ بچے کی ماں کو بھی دو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ

اور ڈرو اللہ سے اور جان رکھو اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے

اب تم ڈرو خدا سے اور یہ بھی جانتا ہے | جو کچھ کرو کرتے ہو تم اللہ دیکھتا ہے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اور جو لوگ مرجاویں تم میں اور چھوڑ جاویں عورتیں

تم میں سے جو کہ مرکر ازواج چھوڑ جاویں — (بیوائیں) انکی عدت سے باہر نکل آئیں

يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا

اور انتظار کرواویں اپنے تئیں چار مہینے اور دس دن

وہ چار ماہ دس دن آپ کو روکیں — نیکی کے ساتھ اپنی عدت کے دن گذاریں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

پھر جب پہنچ چکیں اپنی عدت کو تم پر گناہ نہیں جو وہ اپنے حق میں کریں موافق دستور کے

پھر جبکہ انکی عدت پوری ہو (پھر نکاح کریں) — تم پر گنہ نہیں کچھ اپنے لئے جو کریں

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے

ہر شئے سے ہی وہ واقف ہر ذرہ پہ نظر — جو کچھ کہ کرتے ہو تم اللہ باخبر ہے

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

اور گناہ نہیں تم پر جو پردے میں کہو پیغام نکاح کا عورتوں کو یا چھپا رکھو اپنے دل میں

ان عورتوں کو گو تم بھیجو جو پیام دو تم — یا دل میں چپ چھپاتے نسبت کی ٹھان لو تم

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ

معلوم ہے اللہ کو کہ تم البتہ ان کا دھیان کروگے

اللہ جانتا ہے تم کو لگن ہے انکی — تمکو خیال آئے یہ آئے ہے (بیوی)

وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا

مگر وعدہ نہ رکھو ان سے چھپ کر مگر یہی کہ کہہ دو ایک بات جسکا رواج ہے

لیکن نہ خفیہ وعدہ کچھ تم ان سے لینا — کہنا ہو تو اشارہ جائز طریقے دینا

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ

اور نہ باندھو گرہ نکاح کی جب تک پہنچ چکے حکم اللہ کا اپنی مدت کو

قصد نکاح ان سے اسوقت تک نہ کیجئے — جبتک کہ مدت انکی اتمام کو نہ پہنچے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

اور جان رکھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو تمہارے دل میں ہے

اور یہ سمجھ لو بیشک اللہ جانتا ہے | جو ہے تمہارے دل میں سب اسپہ آئینہ ہے

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشتا ہے تحمل والا

ہاں اس سے خوف کھاؤ یہ بات جانچو | بیشک خدا ہے رحیم اور بردبار بھی ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْھُنَّ

گناہ نہیں تم پر اگر طلاق دو تم عورتوں کو جب تک یہ نہیں کہ انکو ہاتھ لگاؤ

اور یہ گناہ نہیں کچھ انکو طلاق دیدو | جن عورتوں کو تم نے بالکل چھوا نہیں ہو

اَوْ تَفْرِضُوْا لَھُنَّ فَرِيْضَةً ښ

یا مقرر کیا ہو | ان | کا کچھ حق

یا حق مہر انکا ٹھیرا نہ تم چکے ہو | جب بھی نہیں ہو ملزم دیدی طلاق دیدو

وَّمَتِّعُوْھُنَّ

اور ان کو خرچ دو

البتہ انکو جو کچھ ہو فائدہ کرادو | نیکی کے طور پہ نے کردو سلوک جو ہو

عَلَي الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَي الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ

اور وسعت والے پر اسکے موافق ہے اور تنگی والے پر اسکے موافق

مقدور والا جو دے وہ اپنی حوصلے کی | مفلس غریب اپنی پونجی کے اثر سے

مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَي الْمُحْسِنِيْنَ

جو خرچ دستور ہے لازم ہے نیکی والوں پر

سلوک ان سے ہونا کرو یا ہر طرح ہی | احسان جن کا شیوہ ہے انپہ یہ بھی حق ہے

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْھُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْھُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَھُنَّ فَرِيْضَةً

اور اگر طلاق دو انکو ہاتھ لگانے سے پہلے اور ٹھیرا چکے ہو ان کا حق تو لازم ہوا

چھونے سے پہلے انکو جو تم طلاق دیدو | اور مہر بھی تم انکا ٹھیرا چکے ہو [illegible]

فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ

تو لازم ہوا آدھا جو کچھ ٹھیرایا تھا

(یہ شکل ہو) تو تم نے ٹھیرا لیا ہو جتنا | نصف اسکا مہر ہے ذمے۔ دینا پڑیگا آدھا

اِلَّآ اَنْ یَّعْفُوْنَ اَوْ یَعْفُوَا الَّذِیْ بِیَدِہٖ عُقْدَةُ النِّکَاحِ ؕ

مگر یہ کہ درگزر کریں عورتیں یا درگزر کرے جس کے ہاتھ گرہ ہے نکاح کی

لیکن جو عورتیں ہی خود چھوڑ دیں خود سی | یا وہ معاف کردے مختارِ عقد جو ہے

وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ؕ

اور تم مرد درگزر کرو تو قریب ہے پرہیزگاری سے

جو تم معاف کردو دے انکو مہر پورا | پرہیزگاری سے یہ نزدیک ہو زیادہ

وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَکُمْ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ○

اور نہ بھلا دو بڑائی رکھنی آپس میں تحقیق اللہ جو کرتے ہو سو دیکھتا ہے

مت بھولنا بڑائی آپس کی ناروا ہی | بیشک جو کرتے ہو تم اللہ دیکھتا ہے

حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی ؕ

خبردار رہو نمازوں سے اور بیچ والی نماز سے

(ہاں تم کو سب نمازوں کی چاہیئے حفاظت | تاکید ہی نمازِ وسطیٰ کی (بالبداہت)

وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ ○

اور کھڑے رہو اللہ کے سامنے ادب سے

اور تم حضورِ ربّ میں استادہ ہو ادب سے | (یہ اتصال ہے۔ اور انقطاع سب سے)

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُکْبَانًا ۚ

پس جب وقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو

جب خوف ہو کسی کا اسوار ہو کہ پیدل | جس طرح سے ادا ہو پڑھ لو نماز (اللہ کو)

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ

پھر جس وقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو جیسا تمکو سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے

پھر جبکہ امن پاؤ یاد خدا ہو ویسے) جیسا سکھایا اُس نے جو تم نہ جانتے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ

اور جو لوگ تم میں مر جاویں اور چھوڑ جاویں عورتیں وصیت کر دیں اپنی عورتوں کو

تم میں جو مرنے والے ازواج چھوڑ جائیں (بیواؤں کے لئے وہ یہ لفظ کہہ سنائیں

مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ

خرچ دینا ایک برس تک نہ نکال دینا اُن کا

گھر سے نکالی جائیں۔ کوئی نہ اُمنیں (دو کھیا) اور سال بھر کا اُن کو مل جائے روٹی کپڑا

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ

پھر اگر وہ نکل جائیں تو گناہ نہیں تم پر جو کچھ اپنے حق میں کریں دستور کی بات

پھر جو نکل کھڑی ہوں از خود تو دوش نہیں کیا؟ تم بے خطا ہو اسمیں جو چاہیں کر لیں اپنا

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

اور اللہ زبردست ہے حکمت والا

بیشک خدا پہ ہر شے واضح ہی اور روشن۔ قوت بڑی ہے اُسکی ہے حکمتوں کا معدن

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور طلاق والیوں کو خرچ دینا ہے موافق دستور کے لازم ہے پرہیزگاروں کو

جن کو طلاق دیجائے زیبا ہی اُنکو دیجو (کچھ مہر سے بھی زیادہ) حق متقین کا ہی

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ

اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے اپنی آیتیں

اور یہی اسی طرح سے تمکو وہ رب اعلیٰ اپنی نشانیاں ہیں ظاہر تمہیں دکھاتا

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۝

شاید تم بوجھ رکھو

تاکہ سمجھ ہو تمکو کچھ سوجھ بوجھ آئے — بن جاؤ تاکہ شاید تم لوگ عقل والے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ

تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جو نکلے اپنے گھروں سے اور وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے

تمنے انہیں بھی دیکھا جو تھے ہزار (بندے) — جو کہ گھروں سے نکلے تھے موت کے خطرے

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ

پھر کہا اُن کو اللہ نے مرجاؤ پیچھے اُن کو جلا دیا

فرمایا اُن سے رب نے مرجاؤ مر گئے وہ — پھر جب انہیں جلایا فی الفور جی اٹھے وہ

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ۝

بیشک اللہ تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے

ہے مہرباں خدا تو بندوں پہ ہر طرح سے — لیکن جو شکر بھیجیں ایسے بہت ہیں تھوڑے

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا

اور لڑو اللہ کی راہ میں اور جان لو کہ

راہ خدا میں بیشک کفار سے لڑو تم — (دل میں سمجھ لو اتنا یہ بات جان لو تم)

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۝

اللہ سنتا ہے جانتا ہے

بیشک خدا تعالے سنتا ہے جانتا ہے — (سب اسکی ہے نظر میں سب اسپہ آئینہ ہے)

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ

کون شخص ہے ایسا کہ قرض دے اسکو اچھا قرض کہ وہ اسکو دونا کردے دگنے برابر

ہے کوئی! جو خدا کو دیتا ہو قرض حسنہ — اسکے لئے وہ مالک کردیگا پھر بہت سا

وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

اور اللہ تنگی کرتا ہے اور کشائش اور اسی پاس الٹے جاؤ گے

تنگی فراخ دستی۔ دونوں ہیں ہاتھ تیرے | اور تم اسی کی جانب پھر جاؤ گے پلٹ کے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى

تو نے نہ دیکھی ایک جماعت بنی اسرائیل میں موسے کے بعد

موسیٰ کی ایک چیلے کا (وہ جو ہی ایک قصہ) | تم نے نظر بھی ڈالی آتیر کہ بعد موسے

اِذْ قَالُوْا لِنَبِىٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا

جب کہا رسول نے نبی کو کھڑا کردے ہم کو ایک بادشاہ

جب وقت کے نبی سے کہنے لگے وہ دیکھو | ہم پر ہیں میں سے تم ایک بادشاہ بنا دو

نُّقَاتِلْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

کہ ہم لڑائی کریں اللہ کی راہ میں

تا کہ خدا کے رستے کفار سے لڑیں ہم | (دین خدا کی نصرت اس شکل سے کریں ہم)

قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا

اور بولا کہ یہ بھی توقع ہے تم سے کہ اگر حکم ہو تم کو لڑائی کا تب نہ لڑو

بولے نبی یہ ڈر ہے۔ جو ہو جہاد قائم | ایسا نہ ہو جو کہہ دو۔ لڑتے نہیں ہیں اب ہم

قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بولے ہم کو کیا ہوا کہ ہم نہ لڑیں اللہ کی راہ میں

وہ بولے واہ (ہمکو اب عذر کیا ہو باقی) | راہ خدا کے لڑنے میں کیا دھرا ہے منافی

وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا

اور ہمکو نکال دیا ہے۔ ہمارے گھر سے۔ اور بیٹوں سے

راندے گئے وطن سے بچوں سے اپنے چھوٹے | اب بھی نہیں لڑینگے کیا ہم خدا کے رستے

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ

پھر جب حکم ہوا اُن کو لڑائی کا پھر گئے مگر تھوڑے اُن میں سے

(آخر جہاد اُن پر واجب کیا گیا جب | گنتی کے رہ گئے کچھ، باقی کے پھر گئے سب

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝

اور اللہ کو معلوم ہیں گنہگار

یہ اُن کا چیند کرنا سب حق پہ آگیا ہے | اللہ ظالموں کو تو خوب جانتا ہے

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا

اور کہا اُن کو اُن کے نبی نے کھڑا کر دیا تم کو طالوت بادشاہ

انکے نبی نے یہ بولے رب نے کیا مقرر | طالوت کو بنایا ہے بادشاہ تم پر

قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا

بولے کہاں ہوگی سلطنت اسکو ہمارے اوپر

کہنے لگے کہ (آہا) وہ اور کرے حکومت؟ | ہم پر وہ حکمراں ہو کیا اسکی تاب طاقت

وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ

اور ہمارا حق زیادہ ہے سلطنت میں اُس سے اور اسکو ملی نہیں کشائش مال کی

(حالانکہ) ہم ہیں اُس سے حق دار زیادہ | کچھ مال میں ہے وسعت نے ہے وہ ملک والا

قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ

کہا اللہ نے اسکو پسند کیا تم سے اور زیادہ کشائش دی عقل میں اور بدن میں

بولے نبی خدا نے اسکو بڑا بنایا | علم اور جسم میں ہے وہ تم پہ برگزیدا

وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ

اور اللہ دیتا ہے اپنی سلطنت میں جسکو چاہے

بیشک خدا تعالے مختار کل ہے (سمجھے) | ہے اسکا ملک اسکا دے جسکو چاہے بخشے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

اور اللہ کشائش والا ہے سب جانتا

علام علیم والا بیحد ہے انکی وسعت | (جو چاہے جسکو دیدے کسکی مجال طاقت)

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ

اور کہا انکو اُن کے نبی نے نشان اُن کی سلطنت کا

یہ بھی کہا نبیؑ نے (سن لو مری زبانی) | ہے بادشاہ ہونے کی انکو یہ نشانی

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

یہ ہے کہ آوے تمکو صندوق جس میں دلجمعی ہے تمہارے رب کی طرف سے

صندوق ایک تم تک آئیگا (خود بخود ہی) | جس میں تمہارے ربّ کی جانب سے ہی تسلی

وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

اور کچھ بچی چیزیں جو چھوڑ گئے موسیٰ اور ہارون کی اولاد انکو لادیں اسکو فرشتے

ہارون و آلِ موسےٰ کے اسمیں ہیں تبرک | اس ترکے کو اٹھا کر لے آئینگے ملائک

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

اُس میں نشانی پوری ہے تمکو اگر یقین رکھتے ہو

مومن جو ہو تمکو اُسمیں ہی ہی نشانی | (توریت ہو اسی میں پاؤ گے کامرانی)

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ

پھر جب باہر ہوا طالوت فوجیں لیکے کہا اللہ تمکو آزماتا ہے ایک نہر سے

طالوت پھر چلا جب فوجو ں کو لیکے اپنی | بولا کہ دار آزمایش مقصود ہی تمہاری

(اک نہر راہ میں ہو تم لوگ عبور کرنا) | اس نہر سے تمہارا ربّ امتحان لیگا

فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ

پھر جس نے پانی پیا اُسکا وہ میرا نہیں اور جس نے اسکو نہ چکھا وہ ہے میرا

جو اسمیں سے پئیگا مجھ سے نہیں وہ پلا | اور جو نہیں پئیگا بیشک ہو وہی میرا

إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ

مگر جو کوئی بھرے ایک چلو اپنے ہاتھ سے

ایک آدھ کوئی چلو پی لے (جو تھوڑا ہی) | اپنی ہتھیلی بھر لے اسکا مضائقہ کیا؟

فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ

پھر پی گئے اس کا پانی مگر تھوڑے ان میں سے

آخر پیا سبھوں نے اس میں سے ڈگ ڈگا کے | معدودے چند تھے وہ جو رہ گئے تھے پیاسے

فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

پھر جب پار ہوا وہ اور ایمان والے ساتھ اسکے

پھر وہ اور اسکے ساتھی ایماندار جو تھے | پار اترے نہر کے جب تو پینے والے بولے

قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ

کہنے لگے قوت نہیں ہم کو آج جالوت کی اور اسکے لشکروں کی

اب آج تو نہیں ہے لڑنیکی ہم میں طاقت | جالوت اور اسکی فوجوں سے (کیا ہمت؟)

قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُوا اللَّهِ

بولے جن کو خیال تھا کہ ان کو ملنا ہے اللہ سے

لیکن جنہیں یقین تھا مومن تھے جو وہ بولے | رب کے حضور میں ہم حاضر ضرور ہونگے

كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ

بہت جگہ جماعت تھوڑی غالب ہوئی ہے جماعت بہت پر اللہ کے حکم سے

حکم خدا سے اکثر (ایسا ہی تو ہوا ہے) | تھوڑوں کا غلبہ اکثر بہتوں پہ ہو گیا ہے

وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ○

اور اللہ ساتھ ہے ٹھہرنے والوں کے

(حملہ کرو یقیناً حملے کا وقت ہے) | بیشک خدا تعالیٰ ہے ساتھ صابروں کے

وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا

اور جب سامنے ہوئے جالوت کے اور اسکی فوجوں کے بولے

جالوت اور اسکی فوج پہ جب بڑھے وہ | جو مومنین تھے پھر اس طرح بول اٹھے وہ

قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

بولے اے رب ہمارے ڈال دے ہم میں ثابتی مضبوطی اے

اے رب ہمارے ہم پر تو صبر کو بہا دے | دے ہمکو استقامت ثابت قدم

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ؁

اور مدد کر ہماری اس کافر قوم پر

کفار پر الٰہی نصرت ہمیں عطا کر | اس قوم پر ہمیں تو دے فتح رب

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

پھر شکست دی اُن کو اللہ کے حکم سے اور مارا داؤد نے جا

حکم خدا سے پھر تو دشمن کو جا بھگایا | جالوت کا سر آخر داؤد نے اڑ

وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ

اور دی اللہ نے اُسکو سلطنت اور تدبیر اور سکھایا اُسکو جو جا

اللہ نے پھر اُنکو حکمت دی سلطنت دی | جو کچھ کہ تھا بتایا سب ہر شے میں آگہ

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ

اور اگر دفع نہ کروا دے اللہ لوگوں کو ایک کو ایک سے تو خراب ہو جائے ز

دسوچ خدا کی حکمت اور جو وہ ٹال | بعضوں کو بعض سے پھر وہ دفع ج

ہو جاتے ملک بھر میں آتا ما بری کے | سب انتظام رخصت بنتے فساد ہ

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ


لیکن اللہ فضل رکھتا ہے جہان کے لوگوں پر

لیکن ہیں اس خدا کے لطف و کرم دو بالا | ہر کل جہان والوں پر فضل کر

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ؁

یہ آیتیں اللہ کی ہیں ہم تجھکو سناتے ہیں تحقیق اور تو بیشک رسولوں میں

آیات ہیں خدا کی یہ ہم جو ہیں سناتے | تم ہو نبی یا برحق بیشک ہو مرسلو



چند اسمائے گرامی

اُن علمائے جمہورِ اسلام کے جنہوں نے اِس دُنیا میں لاثانی منظوم ترجمہ کو پسند فرمایا اور تصدیقیں عطا کیں۔

(۱) سرکار شریعت مدار مجتہد العصر والزمان شمس العلما مولوی سیّد ناصر حسین صاحب قبلہ۔

(۲) سرکار شریعت مدار شمس العلما مولوی سیّد علی صاحب حائری مجتہد العصر پنجاب۔

(۳) عالیجناب معلّی القاب سرکار مفتیِ اعظم مولوی کفایت اللہ صاحب۔

(۴) عالیجناب معلّی القاب مولوی سیّد نجم الحسن صاحب قبلہ۔

(۵) شمس العلما مولوی عبدالرحمٰن صاحب پروفیسر علوم مشرقی مشن کالج دِلّی۔


(۶) تقدس مآب خواجہ سیّد حسن نظامی صاحب دہلوی۔

(۷) عالیجناب مُعلّی القاب مولوی میرزا بشیر الدین احمد صاحب خلیفۃ المسیح قادیان۔

(۸) عالیجناب مُعلّی القاب مولوی میرزا احمد علی صاحب قبلہ امرتسری۔

اَلمُشتَہِر

آغا شاعر اینڈ سنز ہملٹن روڈ۔ دِلّی



الامان برقی پریس محلہ [illegible] میں چھپا